★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★

E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE

چیف ایڈیٹر
ذیشان جمیل بھٹی

بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)

چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو

روزنامہ

وائس آف ایشیا

ڈپٹی ایڈیٹر
تجمل عباس بھٹی

ڈپٹی نیوز ایڈیٹر
ارشاد احمد شاد

جلد نمبر 01 | بدھ 21 اکتوبر 2026ء، 07 کاتک، 09 جمادی الاول 1448ھ، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 226

فیلڈ مارشل اہم دورے پر تہران پہنچ گئے

دورے کا ایک اہم ترین پہلو ایران امریکا کشیدگی کا خاتمہ

عسکری وسیاسی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ ان ملاقاتوں میں دوطرفہ دفاعی تعاون، بارڈر مینجمنٹ اور خطے کے مجموعی سکیورٹی معاملات کو مرکزی حیثیت حاصل رہے گی، جو دونوں ممالک کے تعلقات میں کلیدی کردار ادا کریں گے

پاکستان کی جانب سے دونوں ممالک کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرنا نہ صرف خطے میں استحکام کے لیے ضروری ہے بلکہ یہ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں توازن برقرار رکھنے کی ایک اہم کوشش بھی ہے، دفاعی ماہرین

تہران (وائس آف ایشیا) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اہم دورے پر ایرانی دارالحکومت تہران پہنچ گئے۔ عالمی خبر رساں ایجنسی رائٹرز نے ایرانی میڈیا کے حوالے سے بتایا ہے کہ پاکستانی فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر خطے میں جاری کشیدگی اور باہمی تعلقات کے فروغ کے لیے سرکاری دورے پر تہران پہنچ چکے ہیں۔ فیلڈ مارشل اس اہم دورے کے دوران ایران کی اعلیٰ عسکری و سیاسی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ ان ملاقاتوں میں دو طرفہ دفاعی تعاون، بارڈر مینجمنٹ اور خطے کے مجموعی سکیورٹی معاملات کو مرکزی حیثیت حاصل رہے گی، جو دونوں ممالک کے تعلقات میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔ اس دورے کا ایک اہم ترین پہلو ایران اور امریکا کے درمیان پائی جانے والی کشیدگی کے خاتمے کے لیے پاکستان کا کلیدی کردار ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایرانی حکام کے ساتھ ہونے والی بات چیت میں خطے میں قیامِ امن کے لیے پاکستان کی ثالثی کوششوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ دفاعی ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب مشرق وسطیٰ میں امریکا اور ایران کے درمیان تناؤ اپنے عروج پر ہے۔ پاکستان کی جانب

باقی صفحہ 3 بقیہ 18

زرعی مصنوعات اور معدنیات میں دلچسپی؛ پاک امریکا تجارتی معاہدے میں اہم پیشرفت

وزیر تجارت سے امریکی ناظم الامور کی ملاقات، ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری سمیت کئی شعبوں میں تعاون پر گفتگو



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے امریکی ناظم الامور نے ملاقات کی ... سرمایہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 17

کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کیلئے ہے، فضل الرحمان

موجودہ صورتحال پر پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلاکر صورتحال سے آگاہ کیا جائے، کے پی کے میں جو عبوری کونسل بن رہی ہے جے یو آئی کا کوئی رکن اس میں شامل نہیں ہوگا، اس وقت طاقتور قوتوں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہو رہا ہے

کے پی میں گورنر راج کو مسترد کرتے ہیں، گورنر راج کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے کئی آپریشنز ہوئے مگر نتائج کیا ملے؟ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے فاٹا کو صوبے میں شامل کیا، آج وہی مسلم لیگ (ن) سابق فاٹا کو مرکز میں دے چکی ہے

دہشت گردی کے باعث ہم نے بھی ڈیڑھ سو سے زائد لاشیں اٹھائیں، ہم نے بندوق کی سیاست کی نفی کی، پرویز مشرف نے نیا نظام دیا اور وہ نظام ناکام ہوا، پولیس کو انتظامیہ سے لاتعلق کیا اور پھر اس کو واپس لینے کی باتیں ہوئیں، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے لیے حکومتی بیانیہ بے بنیاد ہے، یہ سب صوبے کی معدنیات پر کنٹرول کے لیے ہے۔ پارٹی کی مجلس شوریٰ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال پر پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلا کر صورتحال سے آگاہ کیا جائے، کے پی کے میں جو عبوری کونسل بن رہی ہے جے یو آئی کا کوئی رکن اس میں شامل نہیں ہوگا، اس وقت طاقتور قوتوں کے کہنے پر طاقت کا استعمال ہو رہا ہے، صدر مملکت نے آئین کے تقاضے پورے نہیں کیے ہم نے حکومت میں ہوتے ہوئے اختلاف بھی کیا ہم اپوزیشن میں ہوتے ہوئے اتفاق بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے فیصلوں سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں ہماری جماعت سیاسی مکالمے پر یقین رکھتی ہے حکومتی پالیسیوں پر تحفظات ہوں تو الزام تراشیوں کے بجائے سیاسی انداز میں جواب دیا جانا چاہیے ہمیں یا کسی کو شکایات ہیں تو

باقی صفحہ 3 بقیہ 19

وفاق کیساتھ چلیں گے سب صوبوں کے ساتھ ایک پیج پر ہونگے گورنر خیبر پختونخوا

اب ہمارے اختلافات نہیں ہونگے، ایک یونٹ ہونگے ترقیاتی کاموں پر چار چار محکمے بل بناتے تھے، اب کسی کو پیسے کھانے نہیں دینگے

انکوائری شروع کہ جو گندم ہمیں ملتی تھی وہ کیسے غائب کی گئی، صفائی وستھرائی اور تجاوزات کیخلاف آپریشن میں سفارش نہیں چلے گی: گفتگو

پشاور (نمائندہ خصوصی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وفاق کے ساتھ چلیں گے، سب صوبوں کے ساتھ ایک پیج پر ہوں گے، اب ہمارے اختلافات نہیں ہوں گے، ایک یونٹ ہوں گے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ ہم نے پورے صوبے کو صاف وستھرا بنانے کا تہیہ کرلیا ہے، صفائی وستھرائی اور تجاوزات کے خلاف آپریشن کا آغاز پشاور سے کیا، کسی کی سفارش نہیں چلے گی۔ انہوں نے کہا کہ گندم کے حوالے سے بھی انکوائری شروع کر دی ہے، جو گندم ہمیں ملتی تھی وہ کیسے غائب کی گئی، حقائق سامنے لائیں گے، رپورٹ جلد جاری ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ اب صرف اچھے ترقیاتی پروجیکٹس ہوں گے، یہاں پر ترقیاتی کاموں پر چار چار محکمے بل بناتے تھے، جو ترقیاتی منصوبہ مفید نہ ہو اس پر کام نہیں کریں گے، پیسے کسی کو کھانے نہیں دیں گے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر میٹنگ بلائی ہے، ٹریفک نظام کو بہتر بنائیں گے، ٹریفک قوانین توڑنے والوں کے چالان بنتے جا رہے ہیں، چالان کی شکایات ختم ہو جائے گی، باقاعدہ کیمروں کی مدد سے ٹریفک کا نظام بہتر بنائیں گے۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ بجلی کی بڑھتی لوڈ شیڈنگ پر واپڈا کے ساتھ

باقی صفحہ 3 بقیہ 10

ایسا معاشی نظام تشکیل دینا ہوگا جو اپنی خوشحالی کے وسائل خود پیدا کرے

احسن اقبال

اڑان پاکستان کے تحت آٹھ ترجیحی شعبوں میں کلسٹرز کی بنیاد پر ترقی اور عالمی سپلائی چین سے مضبوط روابط قائم کرنا ہوں گے

معاشی استحکام برقرار رکھتے ہوئے پیداواری صلاحیت اور عالمی منڈیوں میں مسابقت بڑھانا ضروری: کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے ملکی برآمدات 100 ارب ڈالر تک پہنچانے کے لئے مشن 100 ارب ڈالر کا لائحہ عمل پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اڑان پاکستان کے تحت آٹھ ترجیحی شعبوں میں کلسٹرز کی بنیاد پر ترقی اور عالمی سپلائی چین سے مضبوط روابط قائم کرنا ہوں گے تاکہ ملک معاشی خود مختاری حاصل کرتے ہوئے اپنی ترقی کے لئے درکار وسائل خود پیدا کر سکے۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (پائیڈ) میں پاکستان سوسائٹی آف ڈویلپمنٹ اکنامسٹس کی 39ویں سالانہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا ہمیں ایسا معاشی نظام تشکیل دینا ہوگا جو اپنی خوشحالی کے وسائل خود پیدا کرے، ترقی کے لئے مالی وسائل فراہم کرے اور معاشی مستقبل کے فیصلے خود کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ انہوں نے تقابلی اعداد و شمار پیش کرتے ہوئے بتایا کہ کیلنڈر سال 2024 میں پاکستان کی اشیا کی برآمدات تقریباً 32.3 ارب ڈالر رہیں جبکہ بنگلہ دیش کی برآمدات 47.2 ارب ڈالر، ملائیشیا کی 330.4 ارب ڈالر اور ویت نام کی 404.8 ارب ڈالر تھیں، ان میں خدمات کی برآمدات شامل نہیں ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ معاشی

باقی صفحہ 3 بقیہ 16

سہیل آفریدی مذاکرات کے ڈرافٹ کی منظوری کہاں سے لے رہے تھے؟ طارق فضل چوہدری کا انکشاف

وزیراعظم کی ہدایات پر شروع کیے گئے مذاکرات مثبت نتائج کی طرف بڑھ رہے تھے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور



اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ مذاکراتی مسودے کی منظوری کے لیے افغانستان میں رابطے میں تھے۔ نجی ٹی وی سے بات کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی خصوصی ہدایات پر شروع کیے گئے مذاکرات مثبت نتائج

باقی صفحہ 3 بقیہ 9

ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی کیلئے خفیہ مذاکرات جاری، قطر نے تصدیق کردی

حساس مذاکرات کی کامیابی کے لیے رازداری برقرار رکھنا ضروری ہے، قطری وزارت خارجہ



دوحہ (وائس آف ایشیا) قطر نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات جاری ہیں اور دونوں فریق سفارتی رابطوں میں مصروف ہیں، تاہم خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث جنگ کے مزید پھیلنے کے خدشات برقرار ہیں۔ الجزیرہ کے مطابق قطری وزارت خارجہ کے ترجمان ماجد الانصاری نے دوحہ میں عالمی

باقی صفحہ 3 بقیہ 11

دہشتگردی کیخلاف تمام جماعتیں مل کر بیٹھیں تو وزیراعظم آج بھی مذاکرات کیلئے تیار ہیں، رانا ثناء

سہیل آفریدی نے کے پی میں آپریشن ہونے سے صاف انکار کر دیا تھا، دہشت گردی کے معاملے میں کے پی اور بلوچستان کا موازنہ کرنا درست نہیں، سینیٹ میں خطاب

بلوچستان حکومت مسلح افواج اور وفاقی حکومت سے مکمل تعاون کر رہی ہے، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ملک کے تمام لوگوں کو ہم خیال ہونا پڑے گا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف بلوچستان حکومت فوج اور وفاق سے مکمل تعاون کر رہی ہے جبکہ سہیل آفریدی نے کے پی میں آپریشن ہونے سے صاف انکار کر دیا تھا، اگر تمام سیاسی جماعتیں اس معاملے پر مل کر بیٹھنے کے لیے تیار ہیں تو وزیراعظم آج بھی بیٹھنے کو تیار ہیں۔ یہ بات انہوں نے سینیٹ کے اجلاس میں خطاب کے دوران کہی۔ قبل ازیں دیگر سینیٹرز نے بھی اظہار خیال کیا۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ ہمارے سینیٹر مولانا عبدالواسع نے ابھی اجلاس میں کے پی اور بلوچستان کا موازنہ کیا، کے پی میں دہشت گردی کے

باقی صفحہ 3 بقیہ 8

وزیراعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں، لیاقت بلوچ

قومی سیاسی اور جمہوری قیادت بلوچستان سے اپنے آپ کو بالکل لاتعلق نہ رکھے، نائب امیر جماعت اسلامی



کوئٹہ (خبر نگار) رہنما جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعظم بلوچستان کے مسائل پر کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ صنوبر انسٹیٹیوٹ کے قومی ڈائیلاگ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے مطالبہ کیا کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 12

بچوں کی فلاح و بہبود والدین کے ترجیحی حق سے زیادہ اہم ہے، عدالت

والد مالی مشکلات یا بیروزگاری کے بہانے بچوں کے اخراجات سے بری نہیں ہو سکتا، عدالت کا بڑا فیصلہ

والد مالی مشکلات یا بے روزگاری کا عذر پیش کر کے بچوں کے اخراجات کی ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہو سکتا

لاہور (نمائندہ خصوصی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شیریں عمران نے بچوں کی حوالگی سے متعلق کیس کا 9 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے والد کی آئینی درخواست مسترد کر دی ہے۔ جسٹس شیریں عمران نے فیصلے میں قرار دیا کہ بچوں کی فلاح و بہبود والدین کے ترجیحی حق سے زیادہ اہم ہے۔ عدالت نے والد کو فی بچہ 35 ہزار روپے ماہانہ خرچہ اور اس میں سالانہ 10 فیصد اضافے کا حکم برقرار رکھا گیا ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ والد مالی مشکلات یا بے روزگاری کا عذر پیش کر کے بچوں کے اخراجات کی ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہو سکتا۔ تحریری فیصلے کے مطابق بچوں کی حوالگی کا فیصلہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 15

عسکری طاقت ڈیڑھ گنا تک پہنچ گئی ہے، جنگ بڑھی تو سرپرائز دیں گے، ترجمان پاسداران انقلاب

عسکری طاقت میں مقداری اور معیاری دونوں سطحوں پر اضافہ ہوا ہے، بریگیڈیئر جنرل حسین محبی

تہران (وائس آف ایشیا) ایران کی پاسداران انقلاب کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے دعویٰ کیا ہے کہ فورس کی عسکری صلاحیتیں ماضی کے مقابلے میں کم از کم ڈیڑھ گنا بڑھ چکی ہیں جبکہ جنگ میں شدت آنے کی صورت میں پاسداران انقلاب کے پاس مخالفین کو حیران

باقی صفحہ 3 بقیہ 6

پشاور اسکول سانحے کی رپورٹ میں عمارت اور تعمیر سے متعلق چشم کشا انکشافات

پشاور (نمائندہ خصوصی) اسکول کی چھت گرنے کے نتیجے میں درجنوں بچوں کے جاں بحق ہونے کے

باقی صفحہ 3 بقیہ 7

کراچی میں گرمی کی شدت برقرار؛ پارہ 40 ڈگری چھونے کا امکان

کراچی (نمائندہ خصوصی) کراچی میں اکتوبر نصف سے زیادہ گزرنے کے باوجود گرمی کی شدت

باقی صفحہ 3 بقیہ 13

ایف بی آر نے اسٹیل یونٹس کی بجلی پر 5 روپے فی یونٹ سیلز ٹیکس کا اطلاق کر دیا

سیلز ٹیکس جنرل آرڈر نمبر 16 آف 2026 میں مزید ترمیم کرتے ہوئے 3 نئے اداروں کو فہرست میں شامل کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ایف بی آر نے مزید اسٹیل مینوفیکچررز، میلٹرز، ری رولرز اور کمپوزٹ یونٹس پر استعمال ہونے والی بجلی پر 5 روپے فی یونٹ کے حساب سے سیلز ٹیکس عائد کر دیا ہے۔ بورڈ آف ریونیو نے اس حوالے سے اسٹیل یونٹس کے لیے بجلی کے استعمال پر 5

باقی صفحہ 3 بقیہ 14

خطے میں پائیدار امن کیلئے مذاکرات کے دروازے کبھی بند نہیں ہونے چاہئیں

محسن نقوی

ایران، امریکہ کشیدگی کم کرنے کیلئے پاکستان نے ہر ممکن سفارتی کوشش کی، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اہم کردار ادا کیا

مکہ معاہدے کا مقصد جنگی کارروائیوں کو فروغ دینا نہیں، سلامتی اور دفاعی تعاون کو مضبوط بنانا ہے: گلوبل سکیورٹی فورم سے خطاب

دوحہ (وائس آف ایشیا) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے گلوبل سکیورٹی فورم سے خطاب کرتے ہوئے ایران امریکہ کشیدگی کم کرنے میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کردار کو اہم قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کے لئے پاکستان نے ہر ممکن سفارتی کوشش کی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے عالمی رہنماؤں سے روابط اور سفارتی رابطوں کے ذریعے مذاکرات کے دروازے کھولنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیر داخلہ نے کہا پاکستان خطے میں امن و استحکام کے لئے مذاکرات اور سفارت کاری پر یقین رکھتا ہے، پاکستان نے ایران اور امریکہ کے درمیان تنازع کم کرنے کے لئے مسلسل کوششیں کیں اور کشیدہ حالات کے باوجود بات چیت کا سلسلہ جاری رکھا۔ محسن نقوی نے قطر کی سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایران امریکہ تنازع کے حل کے

باقی صفحہ 3 بقیہ 5

بجلی چوری پر قابو پانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی متعارف کرائی جا رہی ہے، اویس لغاری

ٹرانسفارمرز پر اے پی ایم ایس نصب کیا جارہا، بجلی چوری کی نشاندہی کر کے متعلقہ علاقوں میں موثر کارروائی کی جائیگی

ڈی جی خان ایئرپورٹ کا توسیعی منصوبہ جنوری 2028 میں مکمل ہو جائے گا: وفاقی وزیر برائے توانائی کی میڈیا سے گفتگو

ڈیرہ غازیخان (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے ڈی جی خان ایئرپورٹ کو بین الاقوامی پروازوں کے لئے اپ گریڈ کرنے کے اعلان پر کام شروع ہو چکا، ساڑھے پانچ ارب روپے کی لاگت سے ایئرپورٹ کا توسیعی منصوبہ جنوری 2028 میں مکمل کیا جائے گا۔ ڈی جی خان ایئرپورٹ۔ ن ایئرپورٹ کا توسیعی منصوبے کے جائزہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ سول ایوی ایشن اتھارٹی کی ٹیمیں منصوبے پر کام کر رہی ہیں اور ایئرپورٹ کے رن وے کی توسیع سمیت مختلف امور پر پیشرفت جاری ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے رن وے کی توسیع کے کام کا معائنہ کیا اور منصوبے پر جاری پیشرفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا وزیراعظم نے ڈی جی خان کی ترقی کے لئے چار اہم

باقی صفحہ 3 بقیہ 4



کراچی: وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ ویسٹ مینجمنٹ لینڈفل منصوبے کے افتتاح کے بعد گفتگو کر رہے ہیں

ٹرمپ اور میں ایران کا خطرہ ختم کردیں گے نیتن یاہو، وائٹ ہاؤس کا تہران کی مدد کا اعلان

دشمنوں کو کسی بھی لمحے نشانہ بنا سکتے ہچکچائیں گے نہیں نیتن یاہو، پھر قسمت آزمالیں، ہمارے بھی کچھ نامکمل کام باقی ہیں: عراقچی

پاور پلانٹس کو نشانہ بنایا تو 9 ممالک کے بجلی گھروں پر حملہ کر دیں گے: ایران، تہران کے ساتھ تعاون ترک نہیں کریں گے: روس

تہران، واشنگٹن، تل ابیب (نیٹ نیوز، نیوز ایجنسیاں) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے امریکی صدر ٹرمپ کے ساتھ مل کر ایران کے خطرے کو ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کے ساتھ میرے قریبی تعلقات ایران سے لاحق خطرے کو ختم کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ نیتن یاہو نے اپنی جماعت لیکوڈ پارٹی کی جانب سے جاری کردہ ایک ویڈیو میں کہا کہ ضرورت پڑنے پر دشمنوں کو کسی بھی لمحے نشانہ بنا سکتے ہیں اور اس میں کسی ہچکچاہٹ سے کام نہیں لیا جائے گا۔ میں نے ایک فوجی اڈے کے کمانڈر سے بات چیت کی ہے اور مجھے آگاہ کیا گیا ہے کہ ہم ضرورت پڑنے پر

باقی صفحہ 3 بقیہ 3



لاہور: وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہی، بلال اکبر اور طاہر رضا ہمدانی بھی موجود ہیں

پنجاب کابینہ: صنعتی ترقی، زراعت، صحت، ٹریفک قوانین اور متعدد منصوبوں کی منظوری

ٹریفک خلاف ورزیوں پر جرمانوں میں اضافے، 20 اضلاع میں ہارٹیکلچر اتھارٹیز کے قیام کی بھی منظوری دی

مریم نواز کا میجر وجاہت کی شہادت پر اظہار افسوس، نوجوانوں کے خواب صوبے کے مستقبل کی دھڑکن ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت پنجاب کابینہ کا 37 واں اجلاس ہوا جس میں صنعتی ترقی، زراعت، صحت، ٹریفک قوانین اور عوامی فلاح کے متعدد منصوبوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے پنجاب انڈسٹریل انفراسٹرکچر اور کلسٹر ڈویلپمنٹ پر مشتمل پیوٹ پروگرام پیش کیا۔ کابینہ نے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت 60 ارب روپے سے 40 ہزار قرضے فراہم کرنے کی منظوری بھی دی جبکہ وزیر اعلیٰ نے پروگرام میں اسٹیپ ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز مسترد کر دی۔ اجلاس میں گرین ٹریکٹر پروگرام کے پانچویں مرحلے کیلئے سبسڈی، تھل میں زرعی تبدیلی کے منصوبے، پنجاب کے 20 اضلاع میں ہارٹیکلچر اتھارٹیز کے قیام اور ہسپتالوں میں طبی آلات فعال بنانے کیلئے واجبات کی فوری ادائیگی کی منظوری دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 10 ہزار ٹریکٹرز پر

باقی صفحہ 3 بقیہ 2

یمن سکیورٹی فورسز اور حوثیوں کے ایک دوسرے پر تابڑ توڑ حملے 80 افراد ہلاک

سعودی فوجی اتحاد کے حوثی ملیشیا کے ٹھکانوں پر 110 فضائی اور میزائل حملے 30 افراد مارے گئے، درجنوں زخمی ہوئے: ترجمان

خوشیوں کا تربیتی کیمپ پر میزائل حملہ، 50 افراد ہلاک، مصری پارلیمنٹ میں سعودیہ کو فوجی امداد دینے پر ووٹنگ 26 اکتوبر تک ملتوی

صنعا (وائس آف ایشیا) یمن میں عالمی حمایت یافتہ سکیورٹی فورسز اور حوثی ملیشیا کے درمیان لڑائی میں شدت آ گئی ہے، گزشتہ روز فریقین نے ایک اور خونی نشانہ بنایا گیا۔ حوثی ترجمان یحییٰ سریع نے دعویٰ کیا ہے کہ گئے۔ سعودی قیادت میں فوجی اتحاد نے حوثیوں پر 110 فضائی اور میزائل حملے کیے، جن میں صنعا، الحدیدہ، تعز، عمران، حجہ، صعدہ اور الجوف میں خوشیوں کے ٹھکانوں کو دوسرے پر تابڑ توڑ حملے کیے جن میں 80 افراد ہلاک ہو ان حملوں میں 30 سے زائد افراد لقمہ اجل بن گئے۔ دریں اثنا حوثی ملیشیا نے صوبہ شبوہ میں یمنی سکیورٹی فورسز کے تربیتی کیمپ پر میزائل حملہ کیا جس میں 50 سے زائد افراد کے ہلاک ہونے کی اطلاعات ہیں۔ شبوہ کے نائب گورنر نے بتایا کہ حملے میں ضلع جردان کے العلم کیمپ کو نشانہ بنایا گیا۔ ایک فوجی عہدیدار اور مقامی طبی ذرائع نے ہلاکتوں کی تصدیق کی ہے۔ دوسری جانب مصر نے سعودی

باقی صفحہ 3 بقیہ 1



ستاروں کی دنیا



بھارتی اداکارہ انیتا کنول مالی مشکلات کا شکار، دوبارہ اداکاری شروع کرنے کی خواہشمند

میری بچت اب صرف 1 سال تک چل سکتی ہے، اس لیے میں جلد دوبارہ اداکاری شروع کرنا چاہتی ہوں

ممبئی(وائس آف ایشیا)بھارتی سینئر اداکارہ انیتا کنول نے انکشاف کیا ہے کہ میری جمع پونجی تیزی سے ختم ہو رہی ہے اور موجودہ حالات میں میرے اخراجات پورے کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ میڈیا کے مطابق ایک حالیہ انٹرویو کے دوران انیتا کنول نے بتایا کہ میری بچت اب صرف 1 سال تک چل سکتی ہے، اس لیے میں جلد دوبارہ اداکاری شروع کرنا چاہتی ہوں۔انیتا کنول نے بتایا کہ میرے بچے مالی مدد کے لیے تیار ہیں مگر میں اپنے بچوں پر انحصار نہیں کرنا چاہتی، میں اپنی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ اپنے بچوں کو تحائف دینے اور ضرورت مندوں کی مدد کرنے کے قابل رہنا چاہتی ہوں۔اداکارہ کا کہنا ہے کہ میرے پاس ایک خوبصورت گھر ہے جس کی تعمیر میں میرے والدین نے بھی حصہ ڈالا تھا جبکہ گھر کے لیے لیا گیا قرض ادا کر چکی ہوں، یہی میرا واحد بڑا اثاثہ ہے جبکہ میری جمع پونجی ختم ہونے کے قریب ہے۔انیتا کنول نے کہا کہ میں اپنے اخراجات کا احتیاط سے حساب رکھتی ہوں لیکن بڑھتی ہوئی مہنگائی نے مالی معاملات مشکل بنا دیے ہیں، اس کے علاوہ مجھے اپنے ملازمین کے اخراجات بھی برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ کام کرنا صرف مالی ضروریات کے لیے نہیں بلکہ ذہنی سکون کے لیے بھی اہم ہے۔بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ کو اس بات کا بھی افسوس ہے کہ فلمی صنعت کے بہت سے نوجوان ان کے سابقہ کام سے واقف نہیں۔ان کا کہنا ہے کہ بعض اوقات مجھے اپنی عمر سے کہیں کم عمر خواتین کے لیے موزوں کردار پیش کیے جاتے ہیں، میں کام کے لیے بے چین نہیں بلکہ اپنے تجربے اور صلاحیتوں کے مطابق کردار چاہتی ہوں، مگر یہ بھی سچ ہے کہ مجھے پیسے بھی چاہئیں۔انیتا کنول کے مطابق کام حاصل کرنے کے لیے آڈیشن دے رہی ہوں اور ہدایت کاروں سے ملاقاتیں بھی کر رہی ہوں لیکن اب تک مجھے کوئی بڑا کردار یا اہم پیشکش نہیں ملی ہے۔

پاکستانی یوٹیوبر امتنان احمد نے سوشل میڈیا چھوڑنے کا اعلان کر دیا، وجہ بھی بتا دی

ان کی ویڈیوز کو پسند کرنے والے ناظرین کی ایک بڑی تعداد موجود ہے جو ان کے منفرد انداز اور معلوماتی مواد میں دلچسپی رکھتی ہے



لاہور(وائس آف ایشیا)پاکستان کے معروف یوٹیوبر اور ڈیجیٹل کانٹینٹ کریئٹر امتنان احمد نے صحت کے مسائل کے باعث سوشل میڈیا چھوڑنے کا اعلان کر کے اپنے مداحوں کو حیران کر دیا۔ امتنان احمد یوٹیوب پر معلوماتی اور تحقیقی ویڈیوز بنانے کے حوالے سے شہرت رکھتے ہیں جہاں وہ جنگوں، عالمی حالات، سائنس اور مختلف سماجی موضوعات پر گفتگو کرتے رہے ہیں۔ان کی ویڈیوز کو پسند کرنے والے ناظرین کی ایک بڑی تعداد موجود ہے جو ان کے منفرد انداز اور معلوماتی مواد میں دلچسپی رکھتی ہے۔تاہم اب امتنان احمد نے اپنی صحت کی خرابی کے باعث سوشل میڈیا سے کنارہ کشی اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔رپورٹ کے مطابق یوٹیوبر کو صحت سے متعلق مشکلات کا سامنا ہے جس کی وجہ سے ان کے لیے مزید ویڈیوز بنانا اور پہلے کی طرح سوشل میڈیا پر سرگرم رہنا ممکن نہیں رہا۔

عائزہ خان اپنے بولڈ انداز کے باعث ٹرولنگ کی زد میں

حال ہی میں عائزہ خان نے 'پٹاخہ پکچرز' کی پانچویں سالگرہ کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی

لاہور(وائس آف ایشیا)پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ عائزہ خان اپنے حالیہ لباس کے باعث سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کا نشانہ بن گئیں۔ حال ہی میں عائزہ خان نے شرمین عبید چنائے کے پروڈکشن ہاؤس 'پٹاخہ پکچرز' کی پانچویں سالگرہ کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔تقریب میں اداکارہ سفید رنگ کے مغربی طرز کے لباس میں نظر آئیں، جس کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر سامنے آنے کے بعد صارفین نے ان کے انداز پر مختلف تبصرے کیے۔بعض صارفین نے عائزہ خان کے لباس کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اداکارہ ماضی میں نسبتاً سادہ اور باوقار لباس پہننے کو ترجیح دیتی تھیں جبکہ ایک صارف نے دعویٰ کیا کہ عائزہ پہلے بغیر آستین والے لباس نہ پہننے کی بات کرتی تھیں، تاہم اب ان کا انداز



سوشل میڈیا صارفین کی فلم 'مینگو جٹ' پر تنقید اور ٹرولنگ، حریم فاروق نے خاموشی توڑ دی

اداکارہ کے مطابق تنقید کرنے والے ہوں یا سوشل میڈیا پر ٹرولنگ کرنے والے افراد، لوگ ہمیشہ کچھ نہ کچھ کہتے رہیں گے



لاہور(وائس آف ایشیا)پاکستانی اداکارہ اور پروڈیوسر حریم فاروق نے اپنی نئی فلم 'مینگو جٹ' کی پروموشن کے دوران پہنے گئے لباس پر ہونے والی تنقید اور سوشل میڈیا ٹرولنگ پر ردعمل دے دیا۔حریم فاروق ان دنوں فیصل قریشی کے ساتھ اپنی پنجابی فلم 'مینگو جٹ' کے باعث خبروں میں ہیں جس کی تشہیر کے دوران ان کے مختلف انداز اور لباس کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔حال ہی میں عمیر علوی کو دیے گئے انٹرویو میں حریم فاروق نے کہا کہ انہوں نے تقریباً 10 سال پہلے ہی فیصلہ کر لیا تھا کہ وہ دوسروں کی باتوں کی پروا نہیں کریں گی۔اداکارہ کے مطابق تنقید کرنے والے ہوں یا سوشل میڈیا پر ٹرولنگ کرنے والے افراد، لوگ ہمیشہ کچھ نہ کچھ کہتے رہیں گے، اس لیے ان کی باتوں پر وقت ضائع کرنا بے فائدہ ہے۔حریم فاروق نے مزید کہا کہ وہ سوشل میڈیا پر تبصرے پڑھتی ہی نہیں بلکہ اپنی زندگی میں آگے بڑھنے اور کام پر توجہ دینے کو ترجیح دیتی ہیں۔

منور فاروقی کی اہلیہ کے ہمراہ شادی کی تقریب میں انٹری، سب کی نظریں ان پر جم گئیں

ممبئی(وائس آف ایشیا)بھارتی کامیڈین اور بگ باس 17 کے فاتح منور فاروقی نے اپنی اہلیہ کے ہمراہ معروف سوشل میڈیا اسٹار فیصل شیخ المعروف مسٹر فیصل کی شادی کے استقبالیے میں شرکت کی۔سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ویڈیو میں منور فاروقی کو اپنی اہلیہ کے ساتھ تقریب میں پہنچتے دیکھا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر دونوں خوشگوار موڈ میں نظر آئے اور تقریب کی رونقوں کا حصہ بنے۔منور فاروقی بھارت کے معروف اسٹینڈ اپ کامیڈین ہیں، جو اپنے مزاحیہ انداز اور ریئلٹی شوز میں شرکت کے باعث شہرت رکھتے ہیں۔دوسری جانب فیصل شیخ سوشل میڈیا کی مقبول شخصیات میں شمار ہوتے ہیں اور اپنے ڈیجیٹل مواد کے ذریعے بڑی تعداد میں مداح بنا چکے ہیں۔تقریب کی ویڈیو سامنے آنے کے بعد مداحوں کو منور فاروقی اور ان کی اہلیہ کی ایک ساتھ جھلک دیکھنے کا موقع ملا۔



مدیحہ شاہ کا اداکاری سے متعلق صائمہ نور کو مشورہ

صائمہ نور بے حد خوب صورت ہیں اور ان پر پختہ کردار بھی بہت جچتے ہیں



لاہور(وائس آف ایشیا)پاکستانی فلم اور ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ صائمہ نور کو سینئر اداکارہ مدیحہ شاہ نے مشورہ دیا ہے کہ انہیں اب زیادہ پختہ اور باوقار کرداروں کا انتخاب کرنا چاہیے۔مدیحہ شاہ نے ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اداکاروں کو ایسے کردار ادا کرنے چاہئیں جو ان کے تجربے اور عمر کے ساتھ مطابقت رکھتے ہوں۔ انہوں نے ایک ڈرامے میں صائمہ نور کے پھوپھو کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہیں اب اسی نوعیت کے مزید کرداروں پر توجہ دینی چاہیے، بجائے اس کے کہ وہ فلموں میں ہیروئن کے کردار ادا کرتی رہیں۔مدیحہ شاہ کے مطابق صائمہ نور بے حد خوب صورت ہیں اور ان پر پختہ کردار بھی بہت جچتے ہیں۔مدیحہ شاہ اور صائمہ نور دونوں پاکستانی فلم انڈسٹری کی معروف اداکارائیں ہیں۔

لائیو کے بجائے دلیر مہندی کی ریکارڈنگ پرفارمنس پر ہنگامہ آرائی

واقعے کے دوران تقریب کے مہمانِ خصوصی ریاستی کابینہ کے وزیر سبودھ انیال اسٹیج پر پہنچ گئے اور گلوکار کی پرفارمنس پر تنقید کی

ممبئی(وائس آف ایشیا)بھارتی گلوکار دلیر مہندی کی ریاست اتراکھنڈ میں ہونے والی [illegible] آواز پر گانے کا الزام عائد کیا گیا۔دلیر مہندی کو اتراکھنڈ کے علاقے نریندرا نگر میں منعقدہ میلے [illegible] کہ ان کی [illegible] ہو گی، تاہم شائقین اور وہاں موجود حکام نے جب انہیں ریکارڈ شدہ گانے پر لب ہلاتے دیکھا تو صورت حال کشیدہ ہو گئی۔واقعے کے دوران تقریب کے مہمانِ خصوصی ریاستی کابینہ کے وزیر سبودھ انیال اسٹیج پر پہنچ گئے اور گلوکار کی پرفارمنس پر تنقید کی۔ ان کے ردعمل کے بعد اسٹیج پر تلخ کلامی اور پنڈال میں ہنگامہ آرائی ہوئی، جسے مقامی پولیس اور منتظمین نے مداخلت کر کے قابو کیا۔بعد ازاں منتظمین نے وضاحت کی کہ دلیر مہندی کو تقریب سے صرف 2 روز قبل متبادل گلوکار کے طور پر مدعو کیا گیا تھا، کیونکہ اس شام پرفارم کرنے والی گلوکارہ سونندا شرما طبیعت ناساز ہونے کے باعث شرکت نہیں کر سکیں۔رپورٹ کے مطابق دلیر مہندی نے بیک اسٹیج ریکارڈ شدہ موسیقی کے استعمال کا جواز پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیماری کے باعث میں لائیو گانے سے قاصر تھا، تاہم میں نے اپنے ساتھی موسیقاروں کی مدد سے پروگرام جاری رکھنے کی کوشش کی۔بعد ازاں تکنیکی مسائل دور کر لیے گئے اور دلیر مہندی نے کچھ حصہ براہِ راست گایا، جس سے شائقین مطمئن ہو گئے۔






کھیل کھلاڑی

پاکستان، بنگلہ دیش فٹبال روابط مضبوط بنانے کیلئے پرعزم

دونوں ممالک کے نوجوان کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کے بہتر مواقع فراہم کرنا مشترکہ ترجیح ہونی چاہیے، محسن گیلانی



اسلام آباد (وائس آف ایشیا)پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) کے صدر سید محسن گیلانی نے پاکستان میں تعینات بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ایم ڈی اقبال حسین خان سے ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے درمیان فٹبال روابط مضبوط بنانے اور مستقبل میں باہمی تعاون کے مختلف امور پر بات چیت کی گئی۔ ملاقات کے دوران صدر پی ایف ایف محسن گیلانی نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان فٹبال روابط مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کی فٹبال روابط بڑھانے سے نوجوان کھلاڑیوں کی تربیت، تجربات کے تبادلے اور دوستانہ میچز کے انعقاد کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے نوجوان کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کے بہتر مواقع فراہم کرنا مشترکہ ترجیح ہونی چاہیے۔بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ایم ڈی اقبال حسین خان نے بھی دونوں ممالک کے درمیان دوستی اور باہمی افہام و تفہیم کے فروغ میں کھیلوں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ فٹبال عوام کے درمیان روابط مضبوط بنانے اور ممالک کے مابین خیرسگالی کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ نوجوانوں میں فٹبال کی مقبولیت دونوں ممالک کو مزید قریب لانے اور علاقائی تعاون کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔

زیاد اکرم خان درانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ کا فائنل (آج) کھیلا جائے گا

بنوں (وائس آف ایشیا) [illegible] ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام جاری زیاد اکرم خان درانی میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ کا فائنل میچ (آج) [illegible]



آل پاکستان نیشنل رینکنگ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 2 نومبر سے اسلام آباد میں شروع ہو گا



اسلام آباد (وائس آف ایشیا) [illegible]

15ویں کیلیکن بوائز اینڈ گرلز تھرو بال چیمپئن شپ کی تیاریاں شروع

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) [illegible]

بلی جین کنگ کپ ایشیا اوشیانا گروپ تھری ٹینس چیمپئن شپ کیلئے ٹیموں کی آمد

مالدیپ، ایران اور کویت کے بعد قطر کی قومی ٹیم بھی چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے اسلام آباد پہنچ گئی

اسلام آباد(وائس آف ایشیا)پاکستان ٹینس فیڈریشن (پی ٹی ایف) کے زیر اہتمام بلی جین کنگ کپ ایشیا اوشیانا گروپ تھری ٹینس چیمپئن شپ کے لئے ٹیمیں پہنچ گئیں ، ایونٹ (آج)21 سے 24 اکتوبر 2026 تک پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس، گارڈن ایونیو اسلام آباد میں کھیلا جائے گا۔پاکستان کی ٹینس تاریخ میں پہلی مرتبہ اس عالمی ویمنز ٹیم ٹینس مقابلے کی میزبانی کر رہا ہے۔مالدیپ، ایران اور کویت کے بعد قطر کی قومی ٹیم بھی چیمپئن شپ میں شرکت کے لیے اسلام آباد پہنچ گئی ہے۔ ایونٹ میں بحرین، بھوٹان، ایران، اردن، کویت، مالدیپ، پاکستان اور قطر سمیت آٹھ ممالک کی خواتین ٹینس کھلاڑی شرکت کریں گی۔پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر اعصام الحق قریشی، سیکرٹری جنرل کرنل ضیاء الدین طفیل اور پی ٹی ایف انتظامیہ نے اسلام آباد پہنچنے والے وفود کا استقبال کیا اور پاکستان میں پہلی مرتبہ اس بین الاقوامی چیمپئن شپ کی میزبانی پر خوشی کا اظہار کیا۔اس موقع پر پی ٹی ایف قیادت نے کہا کہ اس ایونٹ کی میزبانی پاکستان کے فروغِ ٹینس بالخصوص خواتین کی ٹینس کی ترقی کے عزم کی عکاس ہے۔اس سے بین الاقوامی کھیلوں کے تعلقات مضبوط ہوں گے اور پاکستانی کھلاڑیوں کو ہوم گراؤنڈ پر عالمی کھلاڑیوں کے خلاف صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع میسر آئیں گے۔پی ٹی ایف کے مطابق چیمپئن شپ میں شریک تمام ٹیموں، آفیشلز اور وفود کے استقبال اور ایونٹ کے کامیاب انعقاد کے لئے جامع انتظامات کئے جا رہے ہیں۔



اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو پر 30روزہ پابندی اور جرمانہ عائد

فیڈریشن ڈسپلنری کونسل نے 255 یورو جرمانہ بھی عائد کیا،قومی ٹیم کا کیمپ چھوڑ کر چلے گئے تھے

لزبن(وائس آف ایشیا) پرتگال فٹبال فیڈریشن نے قومی ٹیم کے کیمپ سے چلے جانے اور کوچ جارجے جیسس سے اختلافات کے معاملے پر اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو پر 30 روزہ پابندی عائد کر دی۔ جبکہ فیڈریشن ڈسپلنری کونسل نے 255 یورو جرمانہ بھی عائد کیا۔واضح رہے کہ تین ہفتے قبل کرسٹیانو رونالڈو کوچ سے اختلافات کے بعد قومی ٹیم کا کیمپ چھوڑ کر چلے گئے تھے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو رواں ماہ ڈنمارک کے خلاف نیشنز لیگ میچ سے قبل کوپن ہیگن میں قومی ٹیم کا کیمپ چھوڑ کر چلے گئے تھے جبکہ اس سے قبل ناروے کے خلاف میچ میں انہیں میدان میں اتارنے کے بجائے متبادل کھلاڑیوں میں شامل کیا گیا تھا۔رونالڈو نے الزام لگایا تھا کہ کوچ جارجے جیسس نے ان کے کھیل سے متعلق دو مرتبہ اپنا وعدہ پورا نہیں کیا تاہم کوچ نے کسی معاہدے کی تردید کی تھی، البتہ پرتگال کی 2-1 سے کامیابی کے بعد رونالڈو کی ٹیم میں واپسی کا امکان بھی مسترد نہیں کیا تھا۔پرتگال فٹبال فیڈریشن کی ڈسپلنری کونسل کے مطابق رونالڈو نے جان بوجھ کر ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی اور اس معاملے میں کارروائی 9 اکتوبر کو شروع کی گئی تھی جبکہ متعلقہ واقعے کی رپورٹ دو روز قبل سامنے آئی تھی۔فیڈریشن کے بیان میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ 30 روزہ پابندی کن میچوں یا سرگرمیوں پر لاگو ہوگی اور آیا عارضی پابندی کے تحت پہلے گزارا گیا وقت بھی اس میں شمار کیا جائے گا یا نہیں۔واضح رہے کہ رونالڈو ناروے کے خلاف میچ کے بعد شائقین کا شکریہ ادا نہ کرنے اور ساتھی کھلاڑیوں کو چھوڑ کر کیمپ سے جانے پر معذرت کر چکے ہیں۔ اور انہوں نے سزا پوری کرنے کے بعد قومی ٹیم کے لیے دستیابی کا بھی اعلان کیا تھا۔پرتگال فٹبال فیڈریشن کے صدر پیڈرو پروینسا کے مطابق معاملہ حل ہونے کے بعد فیڈریشن میں ہر کوئی رونالڈو کی قومی ٹیم میں واپسی چاہتا ہے۔دو ہفتے قبل اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے کیمپ چھوڑنے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا تھا کہ کوچ نے انہیں مشورہ دیا کہ میں بیرون ملک میچز نہ کھیلوں لیکن میں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا، جبکہ انہیں ناروے کےخلاف میچ میں 30 منٹ کھیلنے کا کہا گیا تاہم انہیں بلایا ہی نہیں گیا، کوچ نے وعدہ توڑا، اور 48 گھنٹے بعد اتفاق ہوا کہ وہ میڈیا کو سچ بتائیں گے۔انہوں نے کہاکہ پریس کانفرنس میں طے شدہ باتوں کے برعکس بیان دیا گیا، قومی ٹیم چھوڑنے پر اپنے ساتھی کھلاڑیوں سے معذرت کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ معطلی ختم ہونے کے بعد اگر فٹ ہوا تو پرتگال کے لیے دستیاب رہوں گا۔

ورلڈ کپ 2027، آئی سی سی زمبابوے میں تعمیر ہونے والے نئے اسٹیڈیم سے مطمئن

آئی سی سی ورلڈکپ 2027 کی ٹورنامنٹ ڈائریکٹر سارہ ایڈگر نے ٹیم کے ہمراہ زمبابوے کے تینوں وینیوز کی انسپکشن


ہرارے(وائس آف ایشیا) آئی سی سی ورلڈکپ 2027 کے لئے زمبابوے کا نیا تعمیر ہونے والا وکٹوریا فالز اسٹیڈیم تکمیل کے آخری مراحل میں پہنچ گیا ہے جس پر آئی سی سی انسپکشن ٹیم نے کام پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔آئی سی سی ورلڈکپ 2027 کی ٹورنامنٹ ڈائریکٹر سارہ ایڈگر نے ٹیم کے ہمراہ زمبابوے کے تینوں وینیوز کی انسپکشن کی۔زمبابوے ورلڈکپ 2027 کی میزبانی کے لئے نیا وکٹوریا فالز اسٹیڈیم تعمیر کر رہا ہے جس نے ورلڈکپ کے 4 میچز کی میزبانی کرنی ہے۔اس نئے تعمیر ہونے والے اسٹیڈیم میں فنشنگ کا کام جاری ہے اور جلد ہی یہاں ٹرائل میچ کروایا جائے گا۔ہرارے اور بلاوایو میں موجودہ گراؤنڈز اور اسٹیڈیمز پر ٹورنامنٹ کی ضروریات کے مطابق کام جاری ہے۔مینجنگ ڈائریکٹر زمبابوے کرکٹ گیوِمور ماکونی کا کہنا تھا کہ مین بلڈنگ کا کام مکمل ہوگیا ہے اب فنشنگ کے کام پر توجہ ہے، اسٹیڈیم کی مکمل تعمیر 2027 کے وسط تک ہوجائے گی اور اس کے بعد ایک انٹرنیشنل سیریز کھیلی جائے گی۔علم میں رہے کہ زمبابوے ورلڈ کپ 2027 میں جنوبی افریقہ اور نمیبیا کے ساتھ مشترکہ طور پر میزبانی کرے گا۔



ٹنڈوالہ یار: اسنوکرکلب سے نوجوان کی لاش برآمد، ورثا کو قتل کا شبہ

ورثا اور عینی شاہدین کے مطابق نوجوان کے منہ سے خون آلود جھاگ نکل رہے تھے، جبکہ کمر کی جانب سے بھی خون بہہ رہا تھا

ٹنڈوالہ یار (وائس آف ایشیا) اے سیکشن تھانے کی حدود کشمیری کالونی، مسان روڈ پر اسنوکر کلب سے نوجوان کی لاش برآمد ہوئی، جس پر ورثا نے مبینہ قتل کا شبہ ظاہر کیا ہے۔تفصیلات [illegible] پوسٹ مارٹم رپورٹ سامنے آنے کے بعد موت کی اصل وجہ معلوم ہوسکے گی۔




پاکستان اورسری لنکا دونوں مضبوط ٹیمیں ہیں،سہ ملکی سیریز کے فائنل میں پہنچنے کیلئے انگلش ٹیم کو بہترین کھیل پیش کرنا ہو گا،برینڈن میک کولم

راولپنڈی (وائس آف ایشیا) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ برینڈن میک کولم نے کہا ہے کہ پاکستان اور سری لنکا دونوں مضبوط ٹیمیں ہیں، ٹرائی نیشن ون ڈے سیریز کے فائنل میں جگہ بنانے کے لیے انگلینڈ کو بہترین کھیل پیش کرنا ہو گا، برصغیر کی کنڈیشنز میں کھیلنا ایک چیلنج ہے اور ان حالات سے جلد ہم آہنگ ہونا کامیابی کے لیے ضروری ہے۔راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے برینڈن میک کولم نے کہا کہ پاکستان واپس آکر خوشی ہوئی ہے، انگلینڈ کی ٹیم گزشتہ چند برسوں کے دوران متعدد مرتبہ پاکستان کا دورہ کر چکی ہے اور یہاں ہمیشہ بہترین کرکٹ کھیلنے کا موقع ملا، پاکستان کے لوگ انتہائی مہمان نواز ہیں اور ماحول بھی شاندار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سری لنکا دونوں مضبوط ٹیمیں ہیں اور ان کے خلاف سیریز میں سخت مقابلے کی توقع ہے۔انہوں نے کہا کہ انگلینڈ کی ٹیم حالات کے مطابق خود کو ڈھالتے ہوئے عمدہ کارکردگی دکھانے اور فائنل میں جگہ بنانے کی کوشش کرے گی۔ برینڈن میک کولم نے کہا کہ اپنے ملک سے باہر کامیابی حاصل کرنا کسی بھی فارمیٹ میں آسان نہیں تاہم انگلینڈ کی ٹیم ہر حریف کے خلاف بہترین کھیل پیش کرنے اور مختلف حالات میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ انگلینڈ کسی ایک مخصوص انداز میں کھیلنے کا پابند نہیں بلکہ ٹیم کی توجہ میدان میں موجود صورت حال کو سمجھنے، ضرورت کے مطابق حکمت عملی تبدیل کرنے اور بہترین کرکٹ کھیلنے پر ہو گی۔ انہوں نے پاکستان میں سازگار موسم اور مہمان نوازی کو بھی خوش آئند قرار دیا۔ واضح رہے ٹرائی نیشن سیریز میں انگلینڈ کی ٹیم اپنا پہلا میچ (کل)منگل کو پاکستان کے خلاف کھیلے گی۔



دوڑ میں حصہ لینے والا ہر شخص: عزم، استقلال اور سفر کی کہانی



زندگی محض چند منزلوں کا نام نہیں ہے، بلکہ یہ ایک مسلسل سفر، ایک نہ ختم ہونے والی دوڑ (Marathon) ہے جس میں ہر انسان کسی نہ کسی مقصد کے حصول کے لیے سرگرداں ہے۔ اگر غور کیا جائے تو اس کائنات میں سانس لینے والا ہر فرد اس بڑی دوڑ کا حصہ ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ کسی کا میدان عمل تعلیمی و تدریسی حلقے ہیں، کسی کا زور بازو وکالت اور عدالتی احاطے ہیں، تو کوئی کھیل کے میدان میں پسینہ بہا رہا ہے۔ لیکن حقیقت یہی ہے کہ دوڑ میں حصہ لینے والا ہر شخص کسی نہ کسی فتح کی تلاش میں ہے۔

۔منزل کی جستجو اور مسلسل جدوجہد

کوئی بھی دوڑ صرف آخری لکیر (Finish Line) کو چھونے کا نام نہیں ہوتی، بلکہ اصل اہمیت اس راستے کی ہے جو اس لکیر تک پہنچاتا ہے۔ میدانِ زندگی میں جب انسان قدم رکھتا ہے تو راستے میں آنے والی رکاوٹیں، مشکلات اور آزمائشیں اس کے عزم کا امتحان لیتی ہیں۔

عزم و استقلال: دوڑ میں شریک ہر کھلاڑی جانتا ہے کہ تھکن کے لمحات بھی آئیں گے اور سانس بھی اکھڑے گی، لیکن جو شخص رک جانے کے بجائے اپنے قدم بڑھائے رکھتا ہے، وہی اصل کامیابی کا مستحق ٹھہرتا ہے۔

اصلاحِ احوال: گر کر اٹھنا اور اپنی خامیوں کو سدھار کر دوبارہ پوری طاقت سے دوڑنا ہی ایک سچے کھلاڑی اور ایک کامیاب انسان کا شیوہ ہے۔

۔میدانِ حیات کے مختلف رنگ

زندگی کی اس دوڑ میں ہر شخص کا اپنا ایک الگ کردار اور الگ میدانِ عمل ہے:

تعلیم و تربیت کا میدان: وہ اساتذہ اور مربی جو نئی نسل کے دلوں میں روشنی پھیلانے کے لیے شب و روز محنت کرتے ہیں، وہ علم کی اس دوڑ کے حقیقی شہسوار ہیں۔ ان کا مقصد صرف نصاب مکمل کرنا نہیں ہوتا، بلکہ نوجوانوں کو بہترین شہری اور باکردار انسان بنانا ہوتا ہے۔

عدل و انصاف کا میدان: معاشرے کے مظلوم طبقے کی آواز بننا، حق اور سچ کی خاطر قانونی جنگ لڑنا اور انصاف کی فراہمی کے لیے کوشاں رہنا بھی ایک کٹھن دوڑ ہے۔ اس میدان میں ڈٹے رہنے والا ہر وکیل اور منصف اسی تسلسل کا حصہ ہے۔ کھیل اور تندہی کا میدان: جسمانی صحت، چستی اور میدان میں دوڑتے ہوئے وہ قدم جو پسینے میں نہائے ہوتے ہیں، انسان کو نظم و ضبط اور ٹیم ورک کا درس دیتے ہیں۔

. کامیابی کا حقیقی مفہوم

عموماً یہ سمجھا جاتا ہے کہ کامیابی صرف اسی کو ملتی ہے جو سب سے پہلے پہلے نمبر پر آئے، لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔ اصل فاتح وہ شخص ہے جو اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے میدان میں ڈٹا رہا، جس نے ہار نہیں مانی اور جس نے دیانت داری کے ساتھ اپنی دوڑ مکمل کی۔

حوصلہ ہارنا نہیں، گر کے سنبھل جانا ہے اصل کمال،
دوڑ کا ہر کھلاڑی ہے اس سفر کا بے مثال جمال۔

پروپیگنڈہ مہمات اور جھوٹے بیانیے ۔۔۔۔۔۔ تحریر غلام رسول بلوچ

خطے کے حالات میں تیزی سے تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ اگر حالات نہیں سنبھلے تو خطہ ہولناک جنگی تباہیوں کا شکار ہوسکتا ہے امریکہ و اسرائیل کی ننگی جارحیت ...

پوری قوم اپنے قومی بیانیے کے ساتھ متحد ہو جائے۔

پاکستان کی سلامتی ترقی اور استحکام کے لیے قومی کردار ناگزیر بن چکا۔

گھریلو ناچاقیاں، عدم توجہی اور ہمارے بچے ۔۔۔۔۔۔ از قلم: صبا مصطفیٰ

خواتین میں خون کی کمی (ANIMIA)



از قلم: ڈاکٹر نازیہ ندیم

سفید کوٹ اور بے بسی کی سولی ! ۔۔۔۔۔۔ تحریر: علینہ خان

افغانستان مین روس کی دوبارہ واپسی !،،،،، از قلم: طفیل مگسی

وہاڑی کو سموکنگ فری سٹی بنانے کے لیے موثر اقدامات کا فیصلہ

انہوں نے پولیس کو ہدایت کی کہ عوامی مقامات پر تمباکو نوشی کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لائی جائے



وہاڑی (عبدالغفار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز مرزا راحیل بیگ کی زیر صدارت ضلعی عملدرآمد و نگران کمیٹی برائے انسداد تمباکو کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں شرکا کو تمباکو نوشی کے مضر اثرات، اس کی روک تھام کے اقدامات اور سموکنگ فری سٹی پراجیکٹ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز مرزا راحیل بیگ نے کہا ہے کہ وہاڑی کو سموکنگ فری سٹی بنانے اور تمباکو نوشی سے پاک نسل نو کی تشکیل کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں۔ تمباکو نوشی کے مضر اثرات سے عوام کو محفوظ رکھنے اور تمباکو کنٹرول قوانین پر موثر عملدرآمد یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ محکمے اپنی تفویض کردہ ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کریں اور ہر محکمہ انسداد تمباکو اقدامات کیلئے اپنا فوکل پرسن مقرر کرے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز مرزا راحیل بیگ نے ہدایت کی کہ تعلیمی اداروں، دفاتر، ہسپتالوں، عوامی مقامات اور پبلک ٹرانسپورٹ میں انسداد تمباکو کو قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات پر تمباکو نوشی کی ممانعت سے متعلق اسٹیکرز اور سائن بورڈز آویزاں کیے جائیں تاکہ شہریوں کو قوانین سے آگاہی حاصل ہو اور خلاف ورزیوں کی روک تھام ممکن بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ سموک فری جنریشن کے قیام کیلئے خصوصی اقدامات کیے جائیں گے اور اس حوالے سے اساتذہ کی تربیت بھی کرائی جائے گی تاکہ نئی نسل کو تمباکو نوشی کے نقصانات سے آگاہ کیا جا سکے۔ انہوں نے پولیس کو ہدایت کی کہ عوامی مقامات پر تمباکو نوشی کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لائی جائے جبکہ متعلقہ محکمے تمباکو کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی یقینی بنائیں۔

پولیس کی بڑی کامیابی 21 سالہ لڑکی کے قتل کا معمہ حل، ملزمان ریکارڈ مدت میں گرفتار

پولیس نے مقتولہ کے والد سمیت دیگر ملزمان کو ٹریس کر لیا اور تفتیش کے دوران آلہ قتل بھی برآمد کر لیا۔

گگو منڈی (صادق جانباز) تھانہ گگو منڈی پولیس نے بہترین تفتیشی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے 21 سالہ لڑکی کے قتل کا معمہ حل کر لیا اور مقدمے میں نامزد ملزمان کو ریکارڈ مدت میں ٹریس کر کے آلہ قتل بھی برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کچھ عرصہ قبل چک نمبر 229 کے رہائشی ذوالفقار پر الزام ہے کہ اس نے اپنی 21 سالہ بیٹی کو غیرت کے نام پر قتل کر دیا تھا، جس کا مقدمہ تھانہ گگو منڈی میں درج کیا گیا۔ واقعے کے بعد اہل خانہ کی جانب سے مبینہ طور پر واردات کو چھپانے اور اسے مختلف رنگ دینے کی کوشش کی گئی۔ تاہم ایس ایچ او تھانہ گگو منڈی حسن آفتاب کیانی نے پیشہ ورانہ مہارت، بہترین انداز تفتیش اور جدید سائنسی طریقہ کار کو بروئے کار لاتے ہوئے واقعے کی تہہ تک پہنچنے کے لیے موثر کارروائی کی۔ پولیس نے مقتولہ کے والد سمیت دیگر ملزمان کو ٹریس کر لیا اور تفتیش کے دوران آلہ قتل بھی برآمد کر لیا۔ گگو منڈی پولیس کی اس کارروائی کو سنگین مقدمات کی تفتیش میں پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جدید سائنسی طریقوں کے موثر استعمال کی اہم مثال قرار دیا جا رہا ہے۔

ایس ایس پی انویسٹی گیشن شانگلہ سلیم امان اللہ خان نے تھانہ الپوری میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

کچہری کے دوران منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان اور اس کے معاشرتی نقصانات پر تفصیلی گفتگو ہوئی



شانگلہ الپوری (رضا شاہ سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شانگلہ اکرام اللہ، پی ایس پی کی خصوصی ہدایات پر ایس ایس پی انویسٹی گیشن شانگلہ سلیم امان اللہ خان نے تھانہ الپوری میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں ایس ڈی پی او الپوری احسان اللہ، ایس ایچ او تھانہ الپوری محمد عارف، علاقہ معززین اور عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کھلی کچہری کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز پیش کیں، جنہیں ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے غور سے سنا اور ان کے حل کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی کرائی۔ شرکاء نے شانگلہ پولیس، بالخصوص تھانہ الپوری کی کارکردگی اور عوام دوست رویے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ کچہری کے دوران منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان اور اس کے معاشرتی نقصانات پر تفصیلی گفتگو ہوئی علاقہ معززین نے منشیات کے خاتمے کے لیے پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کرنے اور اس ناسور کے خلاف مشترکہ جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سوشل میڈیا کے مثبت استعمال کو فروغ دینے اور اس کے غلط استعمال کی روک تھام پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکا نے پولیس اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد، تعاون اور رابطوں کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ آخر میں شرکا نے کھلی کچہری کے انعقاد کو عوامی مسائل کے حل اور پولیس و عوام کے درمیان روابط کے فروغ کے لیے ایک مثبت اقدام قرار دیتے ہوئے ڈی پی او شانگلہ اکرام اللہ، پی ایس پی، اور ضلعی پولیس کا شکریہ ادا کیا۔

نیشنل پارک لال سوہانرا کو بہترین تفریح گاہ بنانے کے اقدامات جاری

ٹمبر چوروں اور لکڑی چوروں کو ہرگز معاف نہیں کیا جائیگا واضح ہو کہ کنزرویٹر چوہدری عمران ستار گجر ایک ایماندار اور فرض شناس افسر ہیں



بہاول پور (ایم اقبال انجم) کنزرویٹر جنگلات بہاول پور چوہدری عمران ستار گجر نے نیشنل پارک لال سوہانرا چلڈرن پارک کی خوبصورتی اور پانی کی فراہمی تفریح گاہ کو مزید نکھارنے کیلئے خبروں پر نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کنزرویٹر نیشنل پارک مسٹر ہارون طفیل کو ہدایات جاری کر دی ہیں کنزرویٹر جنگلات مسٹر چوہدری عمران ستار گجر نے کہا ہے کہ نیشنل پارک لال سوہانرا کو ایک بہترین پارک اور تفریح گاہ بنانے کے اقدامات جاری ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت سیکرٹری پنجاب کی ہدایت پر چلڈرن پارک میں تفریح کیلئے آنیوالے مہمانوں کے لئے کینٹین کھانے پینے اور سیر تفریح کیلئے کام جاری ہے اور نیشنل پارک میں پینے کے پانی کا بھی انتظام کر دیا گیا ہے ساتھ لکڑی چوروں کے خلاف بھی بھرکارروائی کی جا رہی ہے چوہدری عمران ستار گجر نے کہا ہے نیشنل پارک کی اراضی پر ناجائز قابضیوں کے خلاف بھی کارروائی شروع ہو چکی ہے لکڑی کے آروں کے لائسنس جاری کیئے جائیں گے ساتھ جنگل کے قریبی لکڑی کے آرے ختم کر دیئے گئے ہیں ٹمبر چوروں اور لکڑی چوروں کو ہرگز معاف نہیں کیا جائیگا واضح ہو کہ کنزرویٹر چوہدری عمران ستار گجر ایک ایماندار اور فرض شناس افسر ہیں

ڈی پی او کی جانب سے بہترین کارکردگی پر پولیس افسران میں سی سی تھری سرٹیفکیٹس اور نقد انعامات تقسیم

ڈی پی او کی جانب سے افسران کی حوصلہ افزائی کا مقصد پولیس فورس میں محنت، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔



بوریوالا (محمد نعیم سے) ڈی پی او وہاڑی تصور اقبال کی جانب سے لاء اینڈ آرڈر ڈیوٹی کے دوران بہترین کارکردگی پر پولیس افسران کو سی سی تھری سرٹیفکیٹس اور نقد انعامات سے نوازا گیا وہاڑی ڈی پی او وہاڑی تصور اقبال کی جانب سے لاء اینڈ آرڈر ڈیوٹی کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر نقد انعامات سے نوازا گیا۔ انعامات حاصل کرنے والے افسران میں ریزرو انسپکٹر اللہ رکھا گجر، لائنز آفیسر فیاض احمد، اور ایس آئی محمد افتخار الحسن سرور اور نائب اور ایس آئی محمد ضیاء الحبیب خان شامل ہیں۔ ان افسران نے لاء اینڈ آرڈر ڈیوٹی کے دوران بہترین لاجسٹکس سپورٹ فراہم کر کے پولیس فورس کی ویلفیئر اور انتظامی امور کی انجام دہی میں اہم کردار ادا کیا۔ ڈی پی او وہاڑی تصور اقبال کی جانب سے افسران کی حوصلہ افزائی کا مقصد پولیس فورس میں محنت، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔

بھاگٹانوالہ نادرا آفس میں بدانتظامی سائلین خوار ہونے لگے، شہری سراپا احتجاج

شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نادرا آفس میں مبینہ غفلت اور بدانتظامی کا فوری نوٹس لیا جائے،

بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) نادرا آفس بھاگٹانوالہ میں مبینہ بدانتظامی اور عملے کی عدم توجہی کے باعث دور دراز سے آنے والے سائلین شدید مشکلات کا شکار ہو گئے۔ شہریوں کے مطابق شناختی دستاویزات کے حصول اور دیگر امور کی تکمیل کے لیے انہیں ہفتوں تک بار بار دفتر کے چکر لگانے پڑتے ہیں، لیکن پراسیس نامکمل رہنے کے باعث انہیں مایوس ہو کر خالی ہاتھ واپس لوٹنا پڑتا ہے۔ سائلین نے شکایت کی کہ وقت اور کرایہ خرچ کر کے دفتر پہنچنے کے باوجود ان کے مسائل حل نہیں کیے جاتے، جس سے بزرگوں، خواتین اور دور دراز علاقوں سے آنے والے شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نادرا آفس میں مبینہ غفلت اور بدانتظامی کا فوری نوٹس لیا جائے، عملے کی کارکردگی کی جانچ پڑتال کی جائے اور سائلین کو بلاوجہ چکروں سے نجات دلا کر بروقت سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بھاگٹانوالہ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین میں انٹرپرینیورشپ نمائش کا انعقاد کیا گیا

نمائش کی مہمان خصوصی ممبر وومن چیمبر آف کامرس قیصرہ اسماعیل تھیں، جنہوں نے مختلف اسٹالز کا دورہ کیا



بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین میں طالبات کی کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور خود روزگاری کے رجحان کو فروغ دینے کے لیے پروقار انٹرپرینیورشپ نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ نمائش میں طالبات نے مختلف اشیا کے خوبصورت اسٹالز سجائے اور اپنی تخلیقی صلاحیتوں، کاروباری سوچ اور منفرد آئیڈیاز کے ذریعے حاضرین کی توجہ حاصل کی۔ نمائش کی مہمان خصوصی ممبر وومن چیمبر آف کامرس قیصرہ اسماعیل تھیں، جنہوں نے مختلف اسٹالز کا دورہ کیا اور طالبات کی کاوشوں، تخلیقی صلاحیتوں اور کاروباری آئیڈیاز کو سراہا۔ نمائش کا مقصد طالبات میں کاروباری شعور بیدار کرنا، انہیں عملی زندگی میں خود مختار بننے کی ترغیب دینا اور مستقبل میں اپنا کاروبار شروع کرنے کے مواقع سے روشناس کرانا تھا۔

جوڈیشل مجسٹریٹ نوشہرو فیروز اور عدالت نے جرم ثابت ہونے پر قید اور جرمانے کی سزا کا حکم سنا دیا

یاد رہے کہ پھل پولیس تھانہ پر ملزمان کے خلاف محرم علی اور منور علی کو حملے کر کے زخمی کرنے کا مقدمہ درج ہوا تھا۔

نوشہرو فیروز (آئی پی ایس) جرم ثابت ہونے پر قید اور جرمانے کی سزا کا حکم، جوڈیشل مجسٹریٹ نوشہرو فیروز اور عدالت تحفظ صارفین کے جج محمد قابل مہر نے جرم ثابت ہونے پر ملزم غلام مرتضی، عبدالرزاق، اللہ رکھیو اور محمد جڑیل کھوسو کو تین لاکھ جرمانے اور زخمی محرم علی کو 2 لاکھ اور زخمی منور علی کو پچاس ہزار جرمانے کی ادائیگی کا حکم سنایا ہے چاروں ملزمان زخمی ہونے والے دونوں افراد کا اپنے خرچ پر علاج بھی کرائیں گے، یاد رہے کہ پھل پولیس تھانہ پر ملزمان کے خلاف محرم علی اور منور علی کو حملہ کر کے زخمی کرنے کا مقدمہ درج ہوا تھا۔

خانیوال کی نواحی آبادیاں بنیادی سہولیات سے محروم، شہری مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے

ضلعی حکومت حکومت پنجاب اور چیف منسٹر پنجاب سے پرزور مطالبہ کیا کہ ہماری مشکلات دور کی جائیں اور ہمیں بنیادی حقوق فراہم کیے جائیں۔

خانیوال (مشتاق سیال) خانیوال شہر کی نواحی آبادیاں نوناری موڑ احمد نگر سیال آباد ترین کالونی عظیم نگر لودھی نگر میں ضلعی حکومت کی عدم توجہ لوگ ہیپاٹائٹس سمیت دیگر بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے سیوریج نہ ہونے سے گندی نالیوں میں مچھروں کی بہتات نہ پینے کا صاف پانی نہ صفائی ستھراء ہزاروں نفوس پر مشتمل ان آبادیوں میں سیاسی دوکاندار الیکشن کے دوران آتے ضرور ہیں ووٹ مانگنے بس وعدے وعید کئے اور چلتے بنے عوام کی چیف منسٹر صاحبہ اور ڈی سی صاحب سے گزارش ھے ہمارے ساتھ سوتیلوں جیسا سلوک نہ کیا جائے یہ ہمارے بنیادی حقوق ہیں علاوہ ازیں ترین کالونی عظیم نگر بستی موچیاں والا کھوہ پٹھان والا موضع حیات پور کے باسیوں کے لئے پھاٹک کا بہت بڑا مسئلہ ھے دکھ سکھ شادی غمی یا مریضوں کو شہر ہسپتال لانے اور لے جانے کے لئے کوئی راستہ موجود نہیں اگر ریلوے لائین کے ساتھ میٹل روڈ یا سولنگ لگا دیا جائے تو ان لوگوں کی تکلیف میں کسی حد تک کمی ہو سکتی ھے مقامی لوگوں ممتاز حسین محمد وحید محمد یونس محمد سعید محمد سرفراز محمد عدیل علی مردان محمد احمد خضر حیات وغیرہ نے ضلعی حکومت حکومت پنجاب اور چیف منسٹر پنجاب سے پر زور مطالبہ کیا کہ ہماری مشکلات دور کی جائیں اور ہمیں بنیادی حقوق فراہم کیے جائیں۔

جیل ہسپتال میں طبی سہولیات کی بہتری کے لیے ڈسٹرکٹ پریزن ہیلتھ کونسل کا اجلاس منعقد ہوا

جس میں جیل ہسپتال میں طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور قیدیوں کو معیاری علاج معالجے کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا



وہاڑی (عبدالغفار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز مرزا راحیل بیگ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پریزن ہیلتھ کونسل کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں جیل ہسپتال میں طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور قیدیوں کو معیاری علاج معالجے کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈیوٹی روسٹر، قیدیوں کی صحت کی اسکریننگ، ادویات کی دستیابی، واٹر ڈسپوزل اینڈ مینجمنٹ، بائیو میڈیکل آلات اور میڈیکل کٹس کی فراہمی سمیت دیگر امور پر بریفنگ دی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز مرزا راحیل بیگ نے ہدایت کی کہ قیدیوں کو معیاری علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جائیں اور طبی عملے کی حاضری یقینی بنانے کے ساتھ لیبارٹری ٹیسٹوں کی بروقت فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ قیدیوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے۔ جیل ہسپتال میں طبی سہولیات کی بہتری، ادویات کی دستیابی اور صحت سے متعلق امور کو موثر انداز میں حل کیا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ زیر التوا امور کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے تاکہ قیدیوں کو بروقت اور بہتر طبی سہولیات میسر آ سکیں اجلاس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر فہد وحید، سپرنٹنڈنٹ جیل آفتاب باجوہ، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر ریکی خان، ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز میاں نعیم عاصم ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر احمد نواز، سی ایم او ڈسٹرکٹ جیل ڈاکٹر یاسین فصیح جونیئر سائیکالوجسٹ مریم سرفراز اور دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔

کمشنر محمد علی کی کھلی کچہری شہریوں کے مسائل سنے، فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری

شہریوں نے کمشنر محمد علی کی جانب سے ان کی شکایات توجہ سے سننے اور فوری دادرسی کے لیے اقدامات کرنے کو بھی سراہا



گوجرانوالہ (چوہدری عظیم بریار سے) وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے عوامی مسائل کے فوری حل، شفاف طرز حکمرانی اور عوام کو بروقت ریلیف فراہم کرنے کے وژن کے مطابق کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد علی نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں اور سائلین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات پیش کیں۔ کمشنر محمد علی نے سائلین کی شکایات انفرادی طور پر سنیں اور ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی مسائل کا فوری، شفاف اور میرٹ پر حل انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کا قانون اور قواعد و ضوابط کے مطابق ازالہ یقینی بنایا جائے اور سائلین کو بروقت ریلیف فراہم کیا جائے۔ کھلی کچہری میں شریک شہریوں نے براہ راست اعلی انتظامی افسر تک رسائی اور اپنے مسائل پیش کرنے کے موقع کو سراہتے ہوئے وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے عوامی ریلیف کے وژن کو قابل تحسین قرار دیا۔ شہریوں نے کمشنر محمد علی کی جانب سے ان کی شکایات توجہ سے سننے اور فوری دادرسی کے لیے اقدامات کرنے کو بھی سراہا۔ کھلی کچہری کا انعقاد اس عزم کا اظہار ہے کہ ضلعی و ڈویژنل انتظامیہ عوامی مسائل کے حل، شہریوں کی سہولت اور سرکاری اداروں میں جواب دہی کے نظام کو موثر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔

لودھراں / لوکل گورنمنٹ کے دفتر میں مبینہ کرپشن کا گڑھ بن گیا

لوکل گورنمنٹ لودھراں میں مبینہ کرپشن

کتنے مار مہم کے بلوں پر سوالات اٹھنے لگے

2 یونین کونسلوں کا اضافی چارج | فرضی بلوں کا انکشاف | سرکاری خزانے کو لاکھوں کا نقصان

شہری حلقوں کا ڈپٹی کمشنر لودھراں سے نوٹس لینے کا مطالبہ

لودہراں (بیورو چیف) لوکل گورنمنٹ لودھراں کا دفتر کرپشن کا گڑھ بن گیا ھے آئے روز کوئی نہ کوئی کرپشن کا سکینڈل سامنے آ رہا ھے لوکل گورنمنٹ میں مبینہ طور پر معلوم ہوا ھے کہ عبدالشکور نامی سیکرٹری کو اے ڈی ایل جی مدثر حسن نے 2 یونین کونسلوں کا ایڈیشنل چارج دے رکھا ھے مدثر حسن اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ جس کے پاس اب ڈپٹی ڈائریکٹر کا بھی ایڈیشنل چارج ھے مبینہ ذرائع سے معلوم ہوا ھے کہ مدثر حسن کا کارخاص سیکرٹری آفتاب باجوہ ھے جو یونین کونسل واہی سلامت رائے کا رہائشی ھے اور اپنی یونین کونسل میں ڈیوٹی دینے کی بجائے ہر وقت ADLG کے آفس میں موجود پایا جاتا ھے وہ یونین کونسل واہی سلامت رائے اور اپنی یونین کونسل کے فرضی بل بنوا کر کتے مار ادویات و دیگر دفتری کام کے بل بنوا کر نکلواتے ہیں اے ڈی ایل جی مدثر حسن اور آفتاب باجوہ آپس میں ففٹی ففٹی کرتے ہیں اور شکور نامی سیکرٹری کو جو اضافی چارج دے رکھا ھے وہ بھی ان سے مل کر بہتی گنگا میں ہاتھ دھو رہے ہیں اور سرکاری خزانے کو لاکھوں کا ہر ماہ چونا لگایا جا رہا ھے مبینہ زرائع سے معلوم ہوا ھے کہ ہر ماہ فی یونین کونسل ایک لاکھ روپے کتے مار مہم کی مد میں نکلوائے جا رہے ھیں کسی یونین کونسل میں چاھے 30 کتے مارے گئے ھوں یا 90 کتے مارے جا رہے ھیں مگر بل یکساں طور پر برابر نکالے جا رہے ھیں شہری حلقوں نے ڈپٹی کمشنر لودھراں سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ھے

ناصر یعقوب کو نیشنل بینک آف پاکستان میں گریڈ 16 میں سلیکشن پر مبارکباد کا سلسلہ جاری

انہوں نے امید ظاہر کی کہ ناصر یعقوب اپنی محنت، قابلیت اور دیانت داری سے نئی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں



جھنگ (نامہ نگار) نیشنل بینک آف پاکستان میں گریڈ 16 کی پوسٹ پر جی بی او (GBO) میں سلیکشن ہونے پر ناصر یعقوب کو دلی مبارکباد پیش کی گئی۔ اس خوشی کے موقع پر غلام رضا گورایہ اور محمد حسنین آف نور پور تھل نے ناصر یعقوب کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ محمد حسنین نے ناصر یعقوب کو اپنا کزن قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی ان کے لیے اور اہل خانہ کے لیے باعث فخر ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ناصر یعقوب اپنی محنت، قابلیت اور دیانت داری سے نئی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں گے اور مستقبل میں مزید کامیابیاں حاصل کریں گے۔ آخر میں ان کے روشن مستقبل، ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا بھی کی گئی۔

اپنا کھیت، اپنا روزگار اسکیم کے تحت حاصل پور میں ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا

اس امداد کا بنیادی مقصد کسانوں کو معاشی ریلیف فراہم کرنا اور انہیں جدید زرعی مشینری اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب راغب کرنا ہے



قائم پور (سپیشل رپورٹر) حکومت پنجاب کے کسان دوست انقلابی اقدام اپنا کھیت، اپنا روزگار اسکیم کے تحت حاصل پور میں ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی سابق ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری محمد افضل گل تھے جبکہ تقریب میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع بہاولپور حافظ محمد شفیق، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع حاصل پور طاہر محمود، ریونیو آفیسر شاہد محمود، سینئر زراعت آفیسر محمد عمران افضل، زراعت آفیسر محمد داد کے علاوہ کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کا وژن کسان خوشحال تو پنجاب خوشحال ہے۔ حکومت پنجاب کسانوں کی فلاح و بہبود اور زرعی ترقی کے فروغ کے لیے تاریخی اقدامات کر رہی ہے۔ مقررین نے کہا کہ اپنا کھیت، اپنا روزگار اسکیم کے تحت چھوٹے اور کم وسائل والے کاشتکاروں کو بااختیار بنایا جا رہا ہے تاکہ وہ جدید زرعی ٹیکنالوجی اپنا کر اپنی پیداوار میں اضافہ کر سکیں۔ تقریب کے دوران اہل کسانوں میں 50 ہزار روپے فی ایکڑ کے حساب سے مالی معاونت کے چیکس بھی تقسیم کیے گئے۔ اس امداد کا بنیادی مقصد کسانوں کو معاشی ریلیف فراہم کرنا اور انہیں جدید زرعی مشینری اور ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب راغب کرنا ہے تقریب میں شریک کاشتکاروں نے حکومت پنجاب کے اس کسان دوست اقدام کو زبردست الفاظ میں سراہا اور کہا کہ یہ اسکیم کسانوں کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔ آخر میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بلاشبہ کسانوں کی خوشحالی، زرعی ترقی اور ملکی معیشت کے استحکام کی بنیاد ہے اور محکمہ زراعت کسانوں کی خدمت کے لیے ہمہ وقت کوشاں رہے گا۔

وفاقی محتسب کے کوآرڈینیٹر ساتھ پنجاب وریجنل ہیڈ ملتان ڈاکٹر محمد زاہد 21 اکتوبر کو علی پور کا دورہ کریں گے

فوری اور بلا معاوضہ انصاف لوگوں کی دہلیز پر فراہم کرنا وفاقی محتسب کا مشن ہے عوام الناس کو کسی بھی وفاقی محکمہ سے کوئی شکایت ہے تو میکو کمپلیکس علی پور تشریف لائیں



ملتان (صادق جانباز) وفاقی محتسب پاکستان نوید کامران بلوچ کی ہدایت پر وفاقی محتسب ملتان کے ریجنل ہیڈ و کوآرڈینیٹر ساتھ پنجاب ڈاکٹر محمد زاہد مختلف وفاقی محکموں کے خلاف دائر شکایات کی سماعت 21 اکتوبر علی پور میپکو کمپلیکس ایکسین دفتر میں کریں گے۔ انہوں نے عوام الناس کو تلقین کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اداروں کی ان سہولیات سے فائدہ اٹھائیں اور شکایات وفاقی محتسب آفس میں درج کروائیں۔ جہاں وکیل کے بغیر انہیں بھرپور سہولیات فراہم کی جاتی ہیں اور صرف 60 دنوں کے اندر انکی شکایات کا ازالہ کر دیا جاتا ہے۔

غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے جائیں۔ کمشنر

انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کو غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں میں سرمایہ کاری کے ممکنہ نقصانات سے محفوظ رکھنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں



ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا ہے کہ ڈویژن بھر میں غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں انہوں نے کہا کہ غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے قیام اور قانون کی خلاف ورزی کی ہرگز اجازت نہیں دی جا سکتی وہ یہاں غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی روک تھام اور قانونی کارروائیوں کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، اسسٹنٹ کمشنرز چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد طارق اسماعیل اور ضلع کونسل کے افسران نے شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنرز اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور پاکپتن آصف رضا نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کے خلاف جاری کارروائیوں اور متعلقہ اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ تمام ہاؤسنگ سوسائٹیز کی ای بز پورٹل پر رجسٹریشن یقینی بنائی جائے اور غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی تشہیر، پلاٹس کی غیر قانونی فروخت اور شہریوں کو گمراہ کرنے والے اقدامات کی موثر روک تھام کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مقررہ ایس او پیز اور قانونی تقاضے پورے کرنے والی ہاؤسنگ سوسائٹیز ہی پلاٹس کی فروخت کی مجاز ہوں گی۔ خلاف ورزی کے مرتکب افراد اور اداروں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور متعلقہ قوانین کے تحت ایف آئی آر درج کروائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کو غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں میں سرمایہ کاری کے ممکنہ نقصانات سے محفوظ رکھنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔

گگو منڈی پولیس کی کارروائی موٹر سائیکل سوار سے 20 لیٹر دیسی شراب برآمد، مقدمہ درج

پولیس نے ملزم داد مسیح کو موٹر سائیکل سمیت حراست میں لے کر تھانے منتقل کر دیا اور اس کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کر لیا۔

گگو منڈی (نامہ نگار) پولیس تھانہ گگو منڈی نے مخبر کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل سوار ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 20 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔ پولیس نے ملزم کو موٹر سائیکل سمیت تھانے منتقل کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شام ایس ایچ او تھانہ گگو منڈی حسن آفتاب کیانی کو مخبر کے ذریعے اطلاع موصول ہوئی کہ داد مسیح ولد شرافت مسیح، سکنہ 187 ای بی، موٹر سائیکل پر سوار ہو کر ایک نیلے رنگ کے پلاسٹک کین میں دیسی شراب لے کر گگو منڈی کی جانب آ رہا ہے۔ اطلاع ملنے پر ایس ایچ او حسن آفتاب کیانی کی ہدایت پر پولیس پارٹی نے فوری کارروائی کرتے ہوئے قائد اعظم چوک پر ناکہ بندی کر لی۔ کچھ دیر بعد مشتبہ موٹر سائیکل سوار کو روک کر تلاشی لی گئی تو اس کے قبضے سے نیلے رنگ کے پلاسٹک کین میں موجود 20 لیٹر دیسی شراب برآمد ہوئی۔ پولیس نے ملزم داد مسیح کو موٹر سائیکل سمیت حراست میں لے کر تھانے منتقل کر دیا اور اس کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کر لیا۔

گگو منڈی پولیس کی کارروائی تین کلو ہیروئن برآمد ملزم گرفتار مقدمہ درج

مزید شہریوں کا کہنا ہے کہ گگو منڈی کی نوجوان نسل جو کہ سنوکر کلبوں میں سرے عام آئس استعمال کرتے ہیں کو بھی لگام ڈالنی چاہیے



گگو منڈی (نامہ نگار) تھانہ گگو منڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے تین ہزار گرام تین کلو ہیروئن برآمد کر لی اور ملزم کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گگو منڈی حسن آفتاب کیانی کی سربراہی میں پولیس کو مخبر کی اطلاع موصول ہوئی کہ نواحی گاؤں 285 ای بی کی جانب سے ایک شخص پیدل آ رہا ہے جس کے پاس منشیات موجود ہیں۔ اطلاع ملنے پر اسپکٹر محمد انور نے پولیس ٹیم کے ہمراہ بروقت کارروائی کرتے ہوئے مشکوک شخص کو روک کر تلاشی لی تو اس کے قبضے سے ہیروئن کے دو پیکٹ برآمد ہوئے، جن کا مجموعی وزن تین ہزار گرام بتایا گیا ہے۔ شہریوں نے ایس ایچ او گگو آفتاب کیانی کو منشیات کے خلاف کارروائی کو سراہتے ہوئے شاباش دی۔ منشیات ہماری نوجوان نسل کو برباد کر رہی ہے مزید شہریوں کا کہنا ہے کہ گگو منڈی کی نوجوان نسل جو کہ سنوکر کلبوں میں سرے عام آئس استعمال کرتے ہیں کو بھی لگام ڈالنی چاہیے

وفاقی محتسب کی مداخلت مستحق خاتون کو 14 ہزار 500 روپے کی مالی معاونت مل گئی

وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ غریب و مستحق شہریوں کے مسائل کا حل وفاقی محتسب کی مرہون منت ہے

خضدار (ایف اے آئی) وفاقی محتسب اعلی کے ریجنل آفس خضدار کی فوری اور موثر کارروائی کے نتیجے میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی جانب سے بلاک شدہ مالی معاونت کا مسئلہ حل ہو گیا اور متاثرہ خاتون کے اکاؤنٹ میں رقم منتقل کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق محلہ زرینہ کھتان، خضدار کی رہائشی محترمہ نصیرہ نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تحت ملنے والے وظیفے کی عدم ادائیگی کے خلاف وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس خضدار میں باقاعدہ شکایت درج کروائی تھی۔ سائلہ کے مطابق وہ وظیفے سے محروم تھیں اور متعلقہ ادارے کی جانب سے ان کی رقم التوا کا شکار تھی۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ خضدار نے شکایت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے BISP انتظامیہ سے جواب طلب کیا اور کارروائی کا حکم دیا وفاقی محتسب کی سخت اور بروقت مداخلت کے نتیجے میں متعلقہ ادارے نے سائلہ کے اکاؤنٹ میں 14,500 روپے بطور مالی معاونت بلا تاخیر منتقل کر دیے وظیفہ کی مکمل رقم موصول ہونے کے بعد درخواست گزار محترمہ نصیرہ نے اپنے کامل اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ غریب و مستحق شہریوں کے مسائل کا حل وفاقی محتسب کی مرہون منت ہے سائلہ کے اطمینان اور رقم کی منتقلی کے بعد وفاقی محتسب نے شکایت کو کالعدم (Disposed of) دیا۔

خضدار کے شہری کا نام درست، بلاک شدہ شناختی کارڈ جاری

جس کے نتیجے میں خضدار کے رہائشی کو بلاک شدہ قومی شناختی کارڈ کی بحالی اور نام کی درستگی کے بعد نیا شناختی کارڈ جاری کر دیا گیا ہے

خضدار (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعلی کی عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر اور فوری اقدامات کی بدولت نادرا (NADRA) کی بڑی غلطی کا ازالہ کر دیا گیا، جس کے نتیجے میں خضدار کے رہائشی کو بلاک شدہ قومی شناختی کارڈ کی بحالی اور نام کی درستگی کے بعد نیا شناختی کارڈ جاری کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق محلہ جعفر آباد، خضدار کے رہائشی عزیز محمد نے نادرا ریکارڈ میں نام کی غلطی اور قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی ناخوشگوار بلاکنگ کے خلاف وفاقی محتسب کے دفتر میں شکایت دائر کی تھی۔ سائل کے مطابق ان کی تمام تعلیمی اسناد اور لوکل سرٹیفکیٹ میں ان کا اصل نام "عزیز محمد" درج ہے، لیکن نادرا انتظامیہ نے اپنے ریکارڈ میں غلطی سے ان کا نام "منظور احمد" درج کر دیا تھا اور ساتھ ہی ان کا شناختی کارڈ بھی بلاک کر دیا تھا، جس کی وجہ سے وہ شدید ذہنی و عملی مشکلات کا شکار تھے۔ وفاقی محتسب نے شکایت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے نادرا حکام کو طلب کیا اور ریکارڈ کی شفاف چھان بین کی ہدایت کی۔ محتسب کی سخت اور موثر مداخلت پر نادرا انتظامیہ نے اپنی غلطی کو تسلیم کرتے ہوئے سائل کے نام کی درستگی کی اور بلاک شدہ شناختی کارڈ کا نیا پرنٹ جاری کیا۔ درخواست گزار عزیز محمد نے درست شدہ شناختی کارڈ کی وصولی کی تصدیق کی اور وفاقی محتسب کی جانب سے ملنے والے فوری انصاف اور شفاف کارروائی پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ سائل کے مطمئن ہونے اور نادرا کی جانب سے حکم کی تعمیل کے بعد وفاقی محتسب نے کیس کو کالا داخل دفتر (Disposed of) کر دیا۔ وفاقی محتسب کے اس اقدام کو خضدار کے عوامی و سماجی حلقوں نے شدید سراہا ہے اور اسے عام شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کی ایک بہترین مثال قرار دیا ہے۔

یونیورسٹی آف اوکاڑہ نے گزشتہ دو سال کے دوران تعلیمی مالیاتی اور انتظامی شعبوں میں نمایاں ترقی حاصل کی ہے

جبکہ صوبائی حکومت کی سالانہ گرانٹ پانچ کروڑ روپے سے بڑھ کر تقریبا 50 کروڑ روپے ہو گئی۔



شیر گڑھ (نامہ نگار) یونیورسٹی آف اوکاڑہ نے گزشتہ دو سال کے دوران تعلیمی، مالیاتی اور انتظامی شعبوں میں نمایاں ترقی حاصل کی ہے، جس کا اعتراف پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن کے کمیٹی روم میں منعقدہ یونیورسٹی کی 30 ویں سنڈیکیٹ کے اجلاس میں پیش کی گئی کارکردگی رپورٹ میں کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت صوبائی وزیر ہائر ایجوکیشن رانا سکندر حیات نے کی، جبکہ رجسٹرار جمیل عاصم نے ایجنڈا پیش کیا اور ڈپٹی ڈائریکٹر پریس، میڈیا اینڈ پبلیکیشنز شرجیل احمد نے جامعہ کی کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ دو سال میں داخلوں میں 310 فیصد اضافہ ہوا اور رواں فال سمسٹر میں داخلوں کی تعداد 7 ہزار 85 تک پہنچ گئی۔ یونیورسٹی میں 44 کروڑ روپے کی لاگت سے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے 13 منصوبے شروع کیے گئے، جن میں مرکزی جامع مسجد، اکیڈمک بلاکس، اساتذہ و انتظامی عملے کے لیے رہائشی سہولیات، انڈور کرکٹ ایرینا، چار دیواری اور واکنگ ٹریک شامل ہیں۔ تدریسی و انتظامی اصلاحات کے نتیجے میں وزنگ فیکلٹی کے اخراجات 27 کروڑ 80 لاکھ روپے سے کم ہو کر ایک کروڑ 80 لاکھ روپے رہ گئے، جبکہ صوبائی حکومت کی سالانہ گرانٹ پانچ کروڑ روپے سے بڑھ کر تقریبا 50 کروڑ روپے ہو گئی۔ سنڈیکیٹ نے تدریسی و انتظامی عملے کی 62 نئی آسامیوں اور ٹی ٹی ایس کے تحت دو اساتذہ کی ترقی کے کیسز کی منظوری بھی دی۔ اس موقع پر رانا سکندر حیات نے یونیورسٹی کے لیے پنک الیکٹرک بس فراہم کرنے کا اعلان کیا اور بتایا کہ وزیراعلی پنجاب نے نیشنل ہائی وے کی جانب یونیورسٹی گیٹ پر اوور ہیڈ پل کی تعمیر کی منظوری دے دی ہے۔ صوبائی وزیر نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سجاد مبین، رجسٹرار جمیل عاصم اور یونیورسٹی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان اقدامات کو اعلی تعلیم کے فروغ اور طلبہ کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری یونیورسٹیز زاہدہ اظہر، مختلف جامعات کے وائس چانسلرز، اراکین صوبائی اسمبلی، تعلیمی ماہرین اور متعلقہ سرکاری محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

بانو بازار خواتین کے لیے مخصوص کرنے کی تجویز مردوں کے داخلے پر پابندی کا عندیہ

مزید تفصیلات اور طریق کار سامنے آنے کے بعد ہی واضح ہو سکے گا کہ اس فیصلے کو کب اور کس انداز میں نافذ کیا جائے گا

میاں چنوں (زاہد گل) اسسٹنٹ کمشنر میاں چنوں نے کہا ہے کہ بانو بازار میاں چنوں میں خواتین کو پرسکون اور محفوظ ماحول میں شاپنگ کی سہولت فراہم کرنے کے لیے صرف خواتین کے داخلے کی اجازت دینے جبکہ مردوں کے داخلے پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ اس حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر میاں چنوں نے نمائندہ زاہد گل سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانو بازار کو خواتین کے لیے مخصوص کرنے کا مقصد انہیں خریداری کے دوران بہتر سہولیات اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔ اس اقدام پر عمل درآمد سے متعلق مزید تفصیلات اور طریق کار سامنے آنے کے بعد ہی واضح ہو سکے گا کہ اس فیصلے کو کب اور کس انداز میں نافذ کیا جائے گا

پاکستان میں عورتوں میں چھاتی کا سرطان کی شرح قابل تشویش ہے

پاکستان میں عورتوں میں چھاتی کا سرطان کی شرح قابل تشویش ہے تاہم یہ ایک قابل علاج مرض ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر زاہد ستار



ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) پاکستان میں عورتوں میں چھاتی کا سرطان کی شرح قابل تشویش ہے تاہم یہ ایک قابل علاج مرض ہے، جس کے لئے ضروری ہے کہ اس کی ابتدا میں ہی تشخیص ہو تا کہ فوری علاج شروع ہو سکے 18 سال سے زائد عمر کی ہر لڑکی مہینے میں ایک بار اپنا خود معائنہ کرے اور کسی قسم کی گلٹی کے بننے جلد کی رنگت تبدیل ہونے یا رطوبت خارج ہونے کی صورت میں فوری ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے یہ بات ساہیوال میڈیکل کالج کے شعبہ سرجری کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر زاہد ستار نے عورتوں میں بریسٹ کینسر سے بچاؤ کے عالمی دن کے موقع پر بارانی انسٹیٹیوٹ آف سائنسز ساہیوال میں منعقدہ خصوصی آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر بارانی فاؤنڈیشن کی ڈائریکٹر ڈاکٹر آمنہ سرور، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر ڈائریکٹر ساہیوال آرٹس کونسل ڈاکٹر سید ریاض ہمدانی ڈائریکٹر جنرل بارانی انسٹیٹیوٹ محمد عقیل اشفاق اور شعبہ لائف سائنسز کی سربراہ میڈم منزہ سمیت اساتذہ اور طالبات کی بڑی تعداد بھی موجود تھی انہوں نے 40 سال سے زائد عمر کی خواتین پر زور دیا کہ وہ سال میں ایک بار میموگرافی ضرور کروائیں اور مرض کی تشخیص کے لئے ہمیشہ مستند ڈاکٹر سے ہی رجوع کیا جائے ڈاکٹر زاہد ستار نے کہا کہ ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں چھاتی کے کینسر کی تشخیص اور علاج کی مکمل سہولیات دستیاب ہیں اس لیے مریض کو دوسرے شہروں میں جانے کی ضرورت نہیں سیمینار سے ساہیوال آرٹس کونسل کے ڈاکٹر ریاض ہمدانی نے بھی خطاب کیا جن کی اہلیہ چھاتی کے کینسر سے 11 سال لڑنے کے بعد وفات پا گئی تھیں انہوں نے اس جنگ میں گھر کے افراد پر نفسیاتی اثرات اور ان سے نمٹنے کے لئے جدوجہد بارے اظہار خیال کیا سیمینار کی خاص بات چھاتی کے کینسر سے صحت یاب ہونے والی دو خواتین آمنہ جعفری اور حنیفہ بی بی کی بھی شرکت تھی جنہوں نے بیماری کے خوف نفسیاتی دباؤ اور بیماری سے لڑائی کی جدوجہد بارے تفصیلی اظہار خیال کیا اور بتایا کہ اس بیماری سے گھبرانا نہیں بلکہ مقابلہ کرنا ہے بارانی فاؤنڈیشن کی ڈائریکٹر ڈاکٹر آمنہ سرور نے سیمینار کو اس مہلک بیماری کی روک سے آگہی میں ایک سنگ میل قرار دیا اور مہمانان خصوصی کی شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

ساہیوال میں خواتین پر تشدد کی روک تھام کے لیے کمیونٹی آگاہی سیشن کا انعقاد

مقررین نے واضح کیا کہ کسی بھی مداخلت کے دوران متاثرہ فرد کی سلامتی، رازداری، عزت نفس اور مرضی کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے



ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) پنجاب وومن پروٹیکشن اتھارٹی اور جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی کے تعاون سے جاری منصوبے صنفی بنیاد پر تشدد کا شکار خواتین کے تحفظ، بحالی اور معاشی خودمختاری کے فروغ کے تحت صنفی بنیاد پر تشدد کی روک تھام اور فعال شہری مداخلت کے موضوع پر کمیونٹی آگاہی سیشن منعقد کیا گیا جس کا مقصد عوامی شعور، کمیونٹی کی شمولیت اور تشدد سے متاثرہ افراد کے تحفظ و معاونت کے موثر طریقوں سے آگاہی فراہم کرنا تھا۔ سیشن کی قیادت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر لقمان مجید نے کی جبکہ محترمہ نور کو ہارا، ڈسٹرکٹ ویمن پروٹیکشن آفیسر فوزیہ جبین اور وومن پروٹیکشن آفیسر سمیرا شاہین نے شرکاء سے خطاب کیا۔ مقررین نے صنفی بنیاد پر تشدد کی مختلف اقسام، اس کے سماجی اثرات اور روک تھام کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر زور دیا گیا کہ صنفی بنیاد پر تشدد کی روک تھام محض ادارہ جاتی ذمہ داری نہیں بلکہ پوری کمیونٹی کا مشترکہ فریضہ ہے اور کمیونٹی کے افراد کو ہراسانی اور تشدد کے واقعات پر خاموش تماشائی بننے کے بجائے محفوظ اور ذمہ دارانہ انداز میں کردار ادا کریں اور ضرورت کے مطابق متعلقہ اداروں سے معاونت حاصل کریں۔ مقررین نے واضح کیا کہ کسی بھی مداخلت کے دوران متاثرہ فرد کی سلامتی، رازداری، عزت نفس اور مرضی کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔ سیشن کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ کمیونٹی کی موثر شمولیت، اجتماعی ذمہ داری اور مسلسل آگاہی کے ذریعے خواتین کے لیے محفوظ ماحول کی تشکیل، صنفی مساوات کے فروغ اور تشدد کے خاتمے کی کوششوں کو مزید موثر بنایا جا سکتا ہے۔

تھانہ ہڑپہ میں امن وامان کے قیام کے لیے پولیس گشت میں اضافے اور ٹھیکری پہرے بحال کرنے پر زور

صحافی میری آنکھیں ہیں، عوامی تعاون سے ہڑپہ کو امن کا گہوارہ بنائیں گے۔ ایس ایچ او شہزاد جوئیہ



ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں) تھانہ ہڑپہ کی حدود میں جرائم اور منشیات کی روک تھام چوری کی وارداتوں میں کمی اور امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے پولیس گشت میں اضافے کے ساتھ دیہی علاقوں میں ٹھیکری پہرے اور چوکیداری نظام کو فعال بنانے پر زور دیا جا رہا ہے ایس ایچ او تھانہ ہڑپہ شہزاد جوئیہ نے عوام نمبرداران چوکیداران اور صحافیوں کے باہمی تعاون کو پائیدار امن کے قیام کے لیے ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ صحافی میری آنکھیں ہیں ہم سب کو مل کر علاقہ تھانہ ہڑپہ کو امن کا گہوارہ بنانا ہے سی او روز نامہ نور نظر چوہدری طاہر شہزاد ایڈووکیٹ کی قیادت میں ملاقات کرنے والے صحافیوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او شہزاد احمد جوئیہ نے کہا کہ منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے اور چوری کی وارداتوں پر قابو پانے کے لیے پولیس گشت میں اضافے کے ساتھ مشکوک افراد اور غیر قانونی سرگرمیوں کی نگرانی کو موثر بنانے پر توجہ دی جا رہی بیان کا کہنا تھا کہ جرائم کی روک تھام کے لیے پولیس کے ساتھ عوام کا تعاون بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے دیہات میں ٹھیکری پہرے اور چوکیداری نظام کی بحالی پر بات کرتے ہوئے ایس ایچ او شہزاد جوئیہ نے کہا کہ دیہی علاقوں میں نمبرداران چوکیداران اور مقامی معززین کو باہمی مشاورت سے ٹھیکری پہرے کا نظام فعال بنانا چاہیے تاکہ رات کے اوقات میں مشکوک سرگرمیوں پر نظر رکھی جا سکے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں فوری اطلاع متعلقہ پولیس کو دی جا سکے علاقے کے مختلف دیہات میں چوکیداری نظام کی عدم فعالیت اور ٹھیکری پہرے کے غیر موثر ہونے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے مقامی سطح پر نگرانی کے اس نظام کی بحالی سے چوری سمیت دیگر جرائم کی روک تھام میں مدد مل سکتی ہے عوامی تعاون جرائم کے خاتمے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے

وہاڑی میں ایل پی جی گیس سلنڈر مافیا بے لگام، سرکاری نرخوں کی دھجیاں اڑنے لگیں


3300 روپے فی سلنڈر ہونے کے باوجود ایل پی جی سلنڈر مبینہ طور پر 5500 سے 6000 روپے تک فروخت کیا جا رہا ہے



وہاڑی (شہزاد عابد سے) وہاڑی میں ایل پی جی گیس سلنڈروں کی قیمتوں میں مبینہ بے تحاشا اضافے نے شہریوں کی مشکلات بڑھا دی ہیں۔ شہریوں کے مطابق سرکاری نرخ تقریبا 3300 روپے فی سلنڈر ہونے کے باوجود ایل پی جی سلنڈر مبینہ طور پر 5500 سے 6000 روپے تک فروخت کیا جا رہا ہے، جس کے باعث غریب اور مزدور طبقے کے لیے گھریلو اخراجات پورے کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ شہریوں نے اس صورتحال پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر پٹرولیم مصنوعات اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی نگرانی کی جا سکتی ہے اور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا سکتے ہیں تو ایل پی جی گیس سلنڈروں کی قیمتوں کو بھی کیوں چیک نہیں کیا جا رہا؟ عوامی حلقوں کے مطابق ایل پی جی کی قیمتوں میں مبینہ من مانی نے گھریلو صارفین کو شدید پریشانی میں مبتلا کر رکھا ہے، جبکہ غریب خاندان مہنگے داموں گیس خریدنے پر مجبور ہیں۔ شہریوں نے الزام عائد کیا ہے کہ پیرا فورس اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ایل پی جی کی زائد قیمتوں پر فروخت کے خلاف موثر کارروائیاں نظر نہیں آ رہیں۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اگر سرکاری نرخ نامے سے تجاوز کیا جا رہا ہے تو ذمہ دار دکانداروں اور ڈیلرز کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے اور قیمتوں کی باقاعدہ نگرانی کا نظام فعال بنایا جائے۔ شہریوں نے وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف، کمشنر ملتان اور ڈپٹی کمشنر وہاڑی سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہاڑی میں ایل پی جی گیس سلنڈروں کی قیمتوں کا فوری نوٹس لیا جائے، سرکاری نرخ کی تصدیق کے بعد اس پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے اور مبینہ طور پر خود ساختہ قیمتیں وصول کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ عوام کو ریلیف دینے کے دعوے اسی وقت موثر ثابت ہوں گے جب روزمرہ ضروریات کی اشیا کی قیمتوں پر عملی طور پر کنٹرول کیا جائے گا۔ عوامی حلقوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایل پی جی کی قیمتوں پر قابو پانے کے لیے فوری اقدامات نہ کیے گئے تو غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات مزید بڑھیں گی۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ محض دوروں اور فوٹو سیشن تک محدود رہنے کے بجائے عملی کارروائی کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ اس معاملے پر ضلعی انتظامیہ اور پیرا فورس کا موقف سامنے آنے پر اسے بھی خبر میں شامل کیا جائے گا۔

گندم کی غیر قانونی نقل وحرکت روکنے کے لیے چیک پوسٹیں فعال کرنے کا حکم

انہوں نے کہا کہ تمام داخلی و خارجی راستوں پر نگرانی کا موثر نظام یقینی بنایا جائے تاکہ گندم کی غیر قانونی ترسیل کی روک تھام کی جا سکے



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت ضلع میں گندم کی صورتحال، گندم کے سٹاک اور مارکیٹ میں آٹے کی دستیابی کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں گندم کے سٹاک اور مارکیٹ میں آٹے کی دستیابی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے ہدایت کی کہ ضلع کے داخلی و خارجی راستوں پر چیک پوسٹیں قائم کر کے فعال اور موثر بنائی جائیں اور ناکہ بندی کے ذریعے گندم کی غیر قانونی نقل و حرکت روکنے کیلئے سخت چیکنگ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام داخلی و خارجی راستوں پر نگرانی کا موثر نظام یقینی بنایا جائے تاکہ گندم کی غیر قانونی ترسیل کی روک تھام کی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے فلور ملز میں آٹے کے وزن اور قیمتوں کی باقاعدگی سے جانچ پڑتال کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آٹے کی فروخت کے پرمٹس کی فہرست مرتب کر کے پیش کی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ آٹے کی فروخت کے پرمٹس کی تصدیق کیو آر کوڈ کے ذریعے یقینی بنائی جائے تاکہ نظام میں شفافیت برقرار رہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز مرزا راحیل بیگ، اسسٹنٹ کمشنر وہاڑی انعم اکرم، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد افضال، ای ای ڈی اے مدیحہ غفار، ایس این اے منیب احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔